المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

اکتوبر ۱۹۷۱ تا جون ۱۹۷۲ء

حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

لہایت افسوس اور دلی رنج و غم کے ساتھ لکھا جاتا ہے کہ تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے ہونہار طالب علم شاھد انوار گذشتہ دنوں فضل عمر ہوسٹل میں اچانک وفات پاگئے اناللہ وانا الیہ راجعون ۔

مرحوم ایف ۔ ایس سی (پری ،میڈیکل) کے طالب علم تھے اور نہایت ھنس مکھ ، سعیدالطبع اور خلیق نوجوان تھے ۔ بلڈ پریشر کے عارضہ میں مبتلا تھے اسی وجہ سے والدین اور ڈاکٹروں کے اصرار پر سکینڈایر میں دو سال کا وقفہ بھی کیا ۔ مورخہ یکم جون ۱۹۷۲ء کو خون کے دباؤ کی وجہ سے دماغ کی رگ پھٹ گئی اور بے ہوش ہو گئے اور اسی حالت میں دو گھنٹے تک ڈاکٹروں کی کوششوں کے باوجود عین عالم شباب میں داعی اجل کو لبیک کہا ۔ ع

حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے ۔

مرحوم منڈی بہاؤالدین کے رہنے والے تھے ۔ چنانچہ اسی روز آپ کا جنازہ منڈی بہاؤالدین پہنچایا گیا جہاں تجہیز و تکفین عمل میں آئی ۔ مرحوم کی اچانک وفات پر محترم محمدعلی صاحب چوھدری (پرنسپل) کی زیر صدارت کیمسٹری تھیٹر میں طلباء کا ایک ہنگامی اجلاس ہؤا ۔ جس میں ایک قرار داد تعزیت پیش کی گئی ۔ اور مرحوم کے والدین اور اعزہ و اقارب سے اظہار افسوس کیاگیا ۔ مرحوم کی وفات کے اگلے روز محترم پرنسپل صاحب منڈی بہاؤالدین تشریف لے گئے اور مرحوم کے والدین کے رنج و غم میں شریک ہوئے ۔ ادارہ المنار اس سانحہ جانکاہ پر مرحوم کے والدین اور عزیزوں کے دکھ اور درد میں برابر کا شریک ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالی انہیں صبر جمیل عطا فرمائے اور انکے زخمی دلوں پر اپنی رحمت کا پھایہ رکھے (آمین)

(ادارہ المنار)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

روشنی اور رفعت کا نشان

المنار

سہ ماہی مجلّہ

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

جلد ۲۱	اکتوبر ۱۹۷۱ء تا جون ۱۹۷۲ء	شمارہ ۲، ۱

سرپرست

پروفیسر محمد علی چوہدری ایم۔اے (پرنسپل)

نگران

پروفیسر سعود احمد خان ایم۔اے۔

ادارۂ تحریر

مدیر اعلیٰ

عبدالکریم خالد

مدیر

محمد داؤد منیر

نائبین

مسعود احمد خان۔ خواجہ عبدالحمید۔ طاہر احمد

لطف الرحمٰن

(جنید ہاشمی پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ سے چھپوا کر تعلیم الاسلام کالج ربوہ سے شائع کیا)

ترتیب

قال الرسولؐ — احادیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

افکارِ عالیہ — حضرت حافظ مرزا ناصر احمد (خلیفۃ المسیح الثالث)

اداریہ — خود اقرار کریں اپنے روبرو ہو کر

پند و نصائح — طلبہ کی ذمہ داری — حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ

تاریخ اسلام — مسلمانوں کی فتوحات — ع ۔ ک ۔ خ

شخصیات — قاضی محمد اسلم صاحب ایم اے (کینٹب) — عبد الباری قیوم

تصنیفات و تالیفات — ہزاروں علم کے موتی — پروفیسر مسعود احمد خان ایم۔ اے

تاریخ ادب اُردو — تذکرہ رسائل قدیم کا — طاہر احمد خان

افسانے — تحفہ — تنویر احمد خان

زود پشیماں — اعجاز الحسن گیلانی

غزلیات — احسان دانش ۔ سجاد باقر رضوی ۔ خالد آفاقی ۔ عاصم صحرائی

مجاہدانہ کارنامے

چومتا ہے جن کی پیشانی کو جھک کر آسماں — بشیر طارق

روشن ستارے — محمد داؤد منیر

منظومات — ثاقب زیروی

ڈاکٹر پرویز پروازی

شبیر شاہد

رشید شاہد

پارہ ہائے جگر — طلبائے کالج

حصۂ عربی — نسخ قرآن — پروفیسر محمد عثمان صدیقی ایم اے

الانسان والکون — ایوب اقبال احمد

علم و عمل

علم و عمل

قال الرّسُول

احادیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

پسندیدہ اعمال

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کو کون سا عمل پسند ہے؟ حضورؐ نے فرمایا کہ نماز وقت پر پڑھنا۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد؟ فرمایا: ماں باپ سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کیا پھر کون سا؟ فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ۔ (مسلم)

تین نیک خصلتیں

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین خصلتیں ایسی ہیں کہ جس میں موجود ہوں وہ ایمان کی حلاوت پاتا ہے۔ اوّل یہ کہ اللہ اور اُس کے رسول کے ساتھ محبت باقی سب چیزوں سے بڑھ کر ہو۔ دوسرے یہ کہ کسی نیک انسان سے محض اللہ کی خاطر محبت ہو۔ تیسرے یہ کہ کفر سے نجات پانے کے بعد پھر اُس کی طرف لوٹنا اُسے بہت ہی بُرا معلوم ہو۔ (بخاری)

حُسنِ سیرت

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ نے تمہارے جسم اور تمہاری صورتیں نہیں دیکھتا بلکہ اُس کی نظر تمہارے دلوں پر ہے۔
(مسلم)

نیکی اور بدی کی پہچان

وابصہ بن معبد راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی وہ ہے جس پر تیرا قلب مطمئن ہو اور تیرا نفس تسلّی پکڑے اور گناہ وہ کام ہے جس سے تیرے دل میں کھٹکا، خلجان اور اضطراب ہو۔ خواہ اسے کرنے کا لوگ تجھے فتویٰ بھی دیدیں۔ (مسند احمد بن حنبلؒ)

افکارِ عالیہ

جماعتِ احمدیہ کے موجودہ امام اور ہمارے کالج کے سابق پرنسپل حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب ایم اے (آکسن) نے اپنے زمانۂ طالب علمی میں اشعار بھی کہے ہیں۔ اُس دَور کے چند اشعار درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

(ادارہ)

زندہ خدا سے دل کو لگاتے تو خوب تھا
مُردہ بُتوں سے جان چُھڑاتے تو خوب تھا
قصّے کہانیاں نہ سُناتے تو خوب تھا
زندہ نشان کوئی دکھاتے تو خوب تھا
اپنے تئیں جو آپ ہی مُسلم کہا تو کیا
مُسلم بنا کے خود کو دکھاتے تو خوب تھا
تبلیغِ دین میں لگا دیتے زندگی
بے فائدہ نہ وقت گنواتے تو خوب تھا
دُنیا کی کھیل کُود میں ناصر پڑے ہو کیوں
یادِ خدا میں دل کو لگاتے تو خوب تھا

اداریہ

خود احتساب کریں اپنے روبرو ہو کر

پاکستان پر عظیم سانحہ گزر گیا —— مدھر دریاؤں، گنگناتے مانجھیوں، سُنہرے پٹ سن اور روپہلی دھان کی سرزمین دشمن کی ناپاک عصبیت کا شکار ہو کر رہ گئی —— بھارتی درندے دندناتے اِس سرزمینِ پاک میں داخل ہوئے اور —— یہ خطۂ ارض —— جس کی حُرمت کا ہمیں دعویٰ تھا، بے گناہ محبِ وطن شہریوں کے لہو سے لالہ گوں ہو گیا —— رائفلوں کی سنگینوں نے معصوم بچّوں کو جینے کی مہلت نہ دی —— وہ اُدھر خاک و خون میں لوٹتے رہے —— ہم اِدھر ہاتھ مَلتے رہ گئے —— عالمِ اضطراب میں ہم سڑکوں پر نکل آئے —— خوب واویلا کیا، مگر کچھ بن نہ آئی —— انصاف طلبی سے متعلق ہماری تمام آوازیں انجمنِ اقوامِ عالم کے بلند و بالا ایوانوں میں گھُٹ کر رہ گئیں —— وہ اصول جن کی تقدیس کا چرچا ہم اکثر سُنتے تھے، سرِ محفل دم توڑ گئے —— انسانیت کی حرمت و تکریم کے تذکرے بے سُود ثابت ہوئے —— کیسا ستم ہُوا —— !! مسلمانوں کی درخشندہ و تابندہ روایات کا ایک عظیم باب اُٹھ گیا ——

یہ درست ہے کہ وہ سب کچھ ہو چکا جس کے تصوّر سے رُوح لرزتی تھی —— لیکن جو عمل اور صبر بھی تو کوئی چیز ہے —— مشکل آن پڑے اور آدمی حوصلہ بلند اور —— حواس بجا رکھے اور خدا پر بھروسہ کر کے جہد آزما ہو تو وہ مشکل آسان ہو جاتی ہے —— یہ اصول قوموں پر بھی صادق آتا ہے —— ایک حقیقی مسلمان کی یہ شان ہے کہ وہ کبھی حوصلہ نہیں ہارتا —— مصائب و مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کرتا ہے —— ناکامیوں کے باوجود مسکراتا ہے —— کیونکہ مصائب و مشکلات اور ناکامیاں ہی دراصل کامیابیوں کا پیش خیمہ ہوتی ہیں ؎

تُندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اُڑانے کے لئے

ہماری اِس غیر متوقع ناکامی نے ہمیں اُن عظیم ذمّہ داریوں سے رُوشناس کیا ہے جنہیں ہم تقریباً بھُلا چکے

تھے ـــــ ہمیں اب احساس ہُوا ہے کہ ہم صراطِ مستقیم سے بھٹک گئے تھے ـــــ ہمیں اب علم ہُوا ہے کہ مسلمان خدا کے حکموں کو ٹال کر کبھی فلاح و کامیابی کا راستہ نہیں دیکھ سکتا ـــــ اب ہمیں ماضی سے سیکھنا ہوگا ـــــ اپنی گزشتہ کوتاہیوں اور غلطیوں سے تائب ہو کر از سرِ نو منظم ہونا ہوگا ـــــ ہمیں اِس عارضی ناکامی اور شکست کو دائمی اور حتمی فتح میں بدلنا ہوگا ـــــ ہمیں مشرقی پاکستان کے محبِ وطن شہریوں کو ظلم و جَور سے نجات دلانا ہوگا ـــــ لیکن شرط یہ ہے کہ ہم خدا کے قدوس کے سامنے سجدہ ریز ہوں اور ـــــ خدائے لم یزل سے نصرت و مدد کے طلبگار ہوں کیوں کہ اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ وَ اِنْ یَّخْذُلْکُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَنْصُرُکُمْ مِّنْ بَعْدِہٖ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (آل عمران ، ۱۶۱) اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں (آسکتا) اور اگر وہ تمہاری مدد چھوڑ دے تو اُسے چھوڑ کر کون ہے جو تمہاری مدد کرے گا اور مومنوں کو اللہ پر (ہی) توکل کرنا چاہیئے ـــــ نجات و کامیابی کا راستہ ایک ہی ہے کہ ربِ قدوس کے حضور سرِ نیاز خم کیا جائے۔ وَھُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْن اور وہ سب مدد کرنے والوں سے بہتر ہے۔ اگر ہماری تضرعات اور گریہ و زاری کے صلے میں ہمیں خدا کی نصرت و تائید حاصل ہوگئی تو ؎

ٹوٹیں گے ظلم و جَور کے اصنام دیکھنا
دے گا شکست کفر کو اسلام دیکھنا

بانیٔ پاکستان قائدِ اعظم محمد علی جناح نے ایک موقع پر طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا :-

"آپ میں سے ہر شخص کو دفاعِ وطن کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ آپ کا نصب العین ایمان، تنظیم اور ایثار ہونا چاہیئے۔ اگرچہ آپ کی تعداد کم ہے لیکن آپ کو ہمت اور فرض کی بے لوث ادائیگی سے اپنی عظمت جتانی ہوگی۔ کیونکہ خالی خولی زندگی کوئی معنی نہیں رکھتی بلکہ ہمت، جرأت اور عزمِ صمیم ہی اسے دوام بخشتے ہیں۔"

ہم مکتبو! قائدِ اعظم کا یہ ارشاد ہمارے لئے مشعلِ راہ ہے۔ اِس کی روشنی میں ہمیں اپنی منزل کا تعین کرنا ہے جس کے لئے ہم نے رختِ سفر باندھا ہے۔ صدرِ پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو نے ایک مرتبہ حیدر آباد یونیورسٹی کے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "اِس وقت آپ کے سامنے سب سے اہم مقصد تعلیم ہے۔ آپ کو چاہیئے کہ اِن نازک وقت میں آپ اپنی تمام صلاحیتیں اور استعدادیں تعلیم پر مرکوز کریں ـــــ تاکہ آپ اُس منزل کو جلد پالیں جس کے لئے آپ کو شاں ہیں" ـــــ بانیٔ پاکستان اور صدرِ پاکستان کے ارشادات کو پیش کرنے کے بعد ہمارے کچھ کہنے کی گنجائش باقی نہیں

رہتی ـــــ امید ہے کہ آپ اِن اقوال پر ضرور کان دھریں گے ـــــ !!

کچھ پرچے کے متعلق ـــــ

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد المصلح الموعودؓ ایک عظیم مفکر، مدبر اور عالم دین تھے۔ آپ نے تعلیم الاسلام کالج لاہور کے سالانہ جلسہ عطائے اسناد میں پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لئے طلبہ کو جو گرانقدر نصائح فرمائی تھیں ـــــ المنار کے زیر نظر شمارے میں پیش کی جا رہی ہیں۔ حضورؓ کی یہ نصائح موجودہ حالات کے عین مطابق ہیں ـــــ طلباء کو اِن بابرکت نصائح پر دل و جان سے عمل پیرا ہونا چاہیئے۔

سنہ ۱۹۷۱ء کے اواخر میں ہمارے ملک کو جس حادثۂ عظیم سے دوچار ہونا پڑا ہے اس سے ہمارے قلب و ذہن بُری طرح متاثر ہیں۔ مسلمان نہایت شاندار روایات کے حامل تھے۔ جن کی بہادری اور جاں نثاری کا لوہا ایک دنیا مانتی تھی۔ ہماری ناکامی کا بڑا سبب یہی ہے کہ ہم نے اپنے اسلاف کی عظیم روایات سے انحراف کیا ـــــ موجودہ شمارے میں مسلمانوں کی درخشندہ و تابندہ روایات اور عظیم فتوحات کا خاکہ تاریخ کے آئینے میں پیش کیا گیا ہے ـــــ استاذی المحترم پروفیسر ڈاکٹر پروین پروازی کی نظم بھی انہی عظیم روایات کی آئینہ دار ہے۔ ثاقب زیروی کی نظم 'عزم نو' ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے ـــــ ع

جو عہد صحرائیوں نے باندھا تھا پھر استوار ہوگا

مسلمانوں نے نہ صرف میدانِ حرب میں عدیم المثال کامیابیاں حاصل کی ہیں بلکہ علمی اور تحقیقی میدان میں بھی انہوں نے وہ شاندار ترقیات حاصل کی ہیں جن کی مثال ڈھونڈے سے ملنی مشکل ہے۔ استاذی المحترم پروفیسر مسعود احمد خان کا مرتبہ مضمون "ہزاروں علم کے موتی" اس امر پر شاہد ناطق ہے۔ طاہر احمد خان کا تحریر کردہ مضمون "تذکرہ رسائل قدیم" میں اُن اردو اخبارات و رسائل کا ذکر ہے جو آج ناپید ہیں ـــــ علمی اور معلوماتی مضمون ہے اور پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے ـــــ حضرت قاضی محمد اسلم صاحب ایم۔ اے (کینٹب) ہمارے کالج کے سابق پرنسپل ہیں۔ آپ نے سنہ ۱۹۶۵ء سے سنہ ۱۹۷۰ء تک تعلیم الاسلام کالج کے پرنسپل کے فرائض انجام دیئے۔ آپ کی عظیم شخصیت گوناگوں صفات کی حامل ہے ـــــ جناب عبدالباری قیوم (شاہد) نے آپ کے حالات قلمبند کئے ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ اس بار محفل المنار میں ملک کے چوٹی کے شعراء جناب احسان دانش، جناب سجاد باقر رضوی اور جناب ثاقب زیروی شریک ہیں۔

جناب احسان دانش کی زندگی مصائب و مشکلات کی ایک طویل داستان ہے ـــــ آپ نے افلاس کی آغوش میں آنکھ کھولی ـــــ اسی کے زیر سایہ پل کر جواں ہوئے ـــــ ہم آپ کی جواں ہمتی اور استقلال کی داد دیئے بغیر

نہیں رہ سکتے کہ آپ نے اپنی زندگی میں پیش آمدہ مصائب و مشکلات کا مقابلہ بڑی ہمت اور جواں مردی سے کیا اور عزم و استقلال کا دامن اس وقت تک ہاتھ سے نہ چھوڑا جب تک آپ کو دنیائے شاعری میں ایک ممتاز حیثیت حاصل نہ ہو گئی ——— انسان کی زندگی خود تعمیر کردہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی شاعری انقلابی شاعری ہے ۔ وہ نادار مزدور کی پامالی زندگی کی اصلاح چاہتے ہیں ——— اس شمارہ میں آپ کی غزل ملاحظہ فرمائیے۔ سیدھے سادے مگر دلکش اور مانوس الفاظ آپ کے اشعار کی جان ہیں۔ جس سے زبان میں سلاست و صفائی پیدا ہو گئی ہے ———

جناب سجاد باقر رضوی ایک مرتبہ بزم اردو کے تحت ایک تقریب میں یہاں تشریف لائے تھے اور اپنے بلند پایہ کلام سے حاضرین کو مستفیض فرمایا تھا ——— اس تقریب میں آپ کی سنائی گئی غزل المنار کے صفحات کی زینت بنی ہے ——— ہم باقر صاحب کے شاگرد رشید جناب خالد آفاقی کے ممنونِ احسان ہیں کہ انہوں نے یہ غزل ہمیں مرحمت فرمائی ——— جناب شبیر شاہد کی نظم "معرضِ اظہار" دعوتِ عمل ہے ——— خالد آفاقی اور عاصم صحرائی ——— ہمارے کالج کے پرانے طلباء میں سے ہیں۔ گو کالج چھوڑ چکے ہیں لیکن المنار سے وابستگی بدستور قائم ہے۔

"پارہ ہائے جگر" ——— یہ کالم صرف ہمارے کالج کے شعراء کے لئے وقف ہے ——— یہ نوآموز شاعر ——— زبان دیکھئے، کلام دیکھئے ——— افسانہ "زود پشیماں" سال چہارم کے طالب علم اعجاز الحسن گیلانی کی تخلیق ہے۔ گو بات مختصر ہے ——— لیکن عجیب ٹریجڈی ہے ——— کاش! تصور کچھ کرنے سے پہلے سوچتا ——— استاذی المحترم پروفیسر محمد عثمان صدیقی کے تحریر کردہ عربی مضمون کے متعلق کچھ کہنا چھوٹا منہ بڑی بات ہے ——— ہمیں ان سے نسبت تلمذ بھی ہے۔ نسخ قرآن کو موضوع بحث بنایا ہے۔ خیال عالمانہ ہے ——— الانسان والکون ——— کے عنوان سے عربی مضمون سال سوم کے طالب علم ایوب اقبال احمد کا تحریر کردہ ہے۔ ع

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

معذرت

اس دفعہ پرچہ بہت تاخیر سے آپ کے ہاتھوں میں پہنچ رہا ہے۔ اس ضمن میں ادارہ آپ سے دلی طور پر معذرت خواہ ہے کہ آپ کو اتنا لمبا عرصہ انتظار کرنا پڑا۔ ع

ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا

عبد الکریم خالد

تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے تحت آل ربوہ ہاکی ٹورنامنٹ کا انعقاد



حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب (امام جماعت احمدیہ) ٹورنامنٹ کے آخری دن فائینل میچ دیکھ رہے ہیں آپ کے ہمراہ جناب چوہدری بشیر احمد صاحب مجلس صحت اور جناب پروفیسر عبدالرحمان ناظر تعلیم بھی موجود ہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو کھلاڑیوں سے متعارف کرایا جارہا ہے

تعلیم الاسلام کالج اور محلہ دارالرحمت کی ٹیمیں حضور ایدہ اللہ کے ہمراہ

تقسیم انعامات

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ
ایک کھلاڑی پرویز احمد کو
انعام عطا فرما رہے ہیں

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ تعلیم الاسلام کالج کی
ٹیم کے کیپٹن کو ٹرافی عطا فرما رہے ہیں

طلبہ کی ایک عظیم ذمہ داری

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۲ر اپریل ۱۹۵۰ء کو تعلیم الاسلام کالج لاہور کے کانووکیشن کے موقع پر ایک بصیرت افروز خطبہ ارشاد فرمایا تھا جس میں آپ نے اُس عظیم ذمہ داری کی طرف متوجہ کیا تھا جو وطنِ عزیز پاکستان کا شہری ہونے کی وجہ سے طلبہ پر عائد ہوتی ہے۔ موجودہ حالات کے پیشِ نظر آپ کے اُس خطاب کا ایک حصہ پیش کیا جا رہا ہے ——————(ادارہ)

"تم ایک نئے مُلک کے شہری ہو۔ دُنیا کی بڑی مملکتوں میں سے بظاہر ایک چھوٹی مملکت کے شہری ہو۔ تمہارا ملک مالدار مُلک نہیں ہے ایک غریب ملک ہے . . . .

. . . تمہیں اپنے ملک کی عزّت اور ساکھ دُنیا میں قائم کرنی ہوگی تمہیں اپنے وطن کو دنیا سے روشناس کرانا ہوگا۔ مُلکوں کی عزّت کو قائم رکھنا بھی ایک بڑا دشوار کام ہے اور یہی دشوار کام تمہارے ذمہ ڈالا گیا ہے۔ تم ایک نئے ملک کی نئی پود ہو۔ تمہاری ذمہ داریاں پُرانے ملکوں کی نئی نسلوں کی نسبت بہت زیادہ ہیں۔ اُنہیں ایک بنی بنائی چیز ملتی ہے۔ اُنہیں آباؤ اجداد کی روایتیں وراثت میں ملتی ہیں مگر تمہارا یہ حال نہیں ہے۔ تم نے ملک بھی بنانا ہے اور تم نے نئی روایتیں بھی قائم کرنی ہیں، ایسی روایتیں جن پر عزّت اور کامیابی کے ساتھ آنے والی بہت سی نسلیں کام کرتی چلی جائیں اور ان روایتوں کی راہنمائی میں اپنے مستقبل کو شاندار بناتی چلی جائیں۔ پس دوسرے قدیمی ملکوں کے لوگ ایک اولاد ہیں مگر تم اُن کے مقابلہ پر ایک باپ کی حیثیت رکھتے ہو۔ وہ اپنے باپ دادوں کو دیکھتے ہیں تم نے اپنے کاموں میں آئندہ آنے والی نسلوں کو مدِّنظر رکھنا ہوگا۔ جو بنیاد تم قائم کرو گے آئندہ آنیوالی نسلیں ایک حد تک اُس بنیاد پر عمارت قائم کرنے پر مجبور ہونگی۔ اگر تمہاری بنیاد ٹیڑھی ہوگی تو اس پر قائم کی گئی عمارت بھی ٹیڑھی ہوگی۔ اسلام کا مشہور فلسفی شاعر کہتا ہے ؎

خشتِ اوّل چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

یعنی اگر معمار پہلی اینٹ ٹیڑھی رکھتا ہے تو اُس پر کھڑی کی جانے والی عمارت اگر ثریا تک بھی جاتی ہے تو ٹیڑھی ہی جاتی ہے۔ پس بوجہ اِس کے کہ تم پاکستان کی خشتِ اوّل ہو تمہیں اِس بات کا بڑی احتیاط سے خیال رکھنا چاہیئے کہ تمہارے طریق اور عمل میں کوئی کجی نہ ہو۔ کیونکہ اگر تمہارے طریق اور عمل میں کوئی کجی ہو گی تو پاکستان کی عمارت ثریا تک ٹیڑھی چلی جائے گی۔

بے شک یہ کام مشکل ہے لیکن اتنا ہی شاندار بھی ہے۔ اگر تم اپنے نفسوں کو قربان کر کے پاکستان کی عمارت کو مضبوط بنیادوں پر قائم کر دو گے تو تمہارا نام اُس عزّت اور محبّت سے لیا جائے گا جس کی مثال آئندہ آنیوالے لوگوں میں نہیں پائی جائے گی۔

پس مَیں تم سے کہتا ہوں کہ اپنی نئی منزل پر عزم، استقلال اور علوِ حوصلہ سے قدم مارتے چلے جاؤ کہ عالی ہمت نوجوانوں کی منزلِ اوّل بھی ہوتی ہے، منزلِ دوم بھی ہوتی ہے، منزلِ سوم بھی ہوتی ہے لیکن آخری منزل کوئی نہیں ہُوا کرتی۔ ایک منزل کے بعد دوسری اور دوسری کے بعد تیسری وہ اختیار کرتے چلے جاتے ہیں۔ وہ اپنے سفر کو ختم کرنا نہیں جانتے، وہ اپنے رختِ سفر کو کندھے سے اُتارنے میں اپنی ہتک محسوس کرتے ہیں۔ اُن کی منزل کا پہلا دَور اُس وقت ختم ہوتا ہے جبکہ وہ کامیاب و کامران ہو کر اپنے پیدا کرنے والے کے سامنے حاضر ہوتے ہیں اور وہی اُن کی خدمت کا صحیح بدلہ دے سکتا ہے۔ پس اے خدائے واحد کے منتخب کردہ نوجوانو! اسلام کے بہادر سپاہیو! ملک کی امیدوں کے مرکزو! قوم کے سپُوتو! آگے بڑھو کہ تمہارا خدا، تمہارا دین، تمہارا ملک اور تمہاری قوم محبّت اور اُمید کے مخلوط جذبات سے تمہارے مستقبل کو دیکھ رہی ہے ــــ!"

○

مسلمانوں کی فتوحات

(جنگِ بدر سے قیامِ پاکستان تک کا تاریخی پس منظر)

مسلمان ایک صحیح اور صحت مند علمی، ادبی اور عسکری روایات کے مالک تھے۔ خلوص، محبت اور رواداری ان کا شیوہ تھی۔ لڑائیوں اور جنگوں میں وہ خصوصیت سے اس چیز کے پابند تھے کہ انصاف، حقیقت روی اور صداقت سے پہلو تہی نہ کریں ——— لیکن جب اس برصغیر پر انگریزوں نے غاصبانہ قبضہ کر کے ملک ہند اور ساری قوم کو غلام بنا یا تو انہوں نے سب سے پہلا کام یہ کیا کہ مسلمانوں کا علمی اور تاریخی سرمایہ غارت کر ڈالا ——— ہمارے اسلاف کے کارہائے نمایاں کو اس طرح مسخ کر ڈالا کہ ہماری نئی پود اپنے آباؤ اجداد کے عظیم کارناموں کو یکسر فراموش کر کے اہلِ فرنگ کی ہمنوا بن گئی۔ انگریزوں نے یہ ستم کیا کہ رفتہ رفتہ مسلمانوں کی تہذیب و تمدن کے تابندہ نشانات بھی مٹا ڈالے تاکہ ہم اپنی روایات سے بے خبر ہو جائیں۔ ذیل کا جائزہ "ماہِ نو" کی مدد سے تیار کیا گیا ہے اور یہ جائزہ اس لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ اس میں تاریخ کے آئینے میں مسلمانوں کے عظیم کارناموں اور شاندار فتوحات کو پیش کیا گیا ہے۔

ہم اپنے اسلاف کی عظیم روایات پر جتنا بھی فخر کریں کم ہے ——— (ع۔ ک۔ خ)

سنہ ۲ھ:۔ جنگ بدر۔ ۳۱۳ مسلمانوں نے ایک ہزار کفار کو شکست دی۔ یہ کفر و اسلام کا پہلا معرکہ تھا۔

سنہ ۸ھ:۔ مسلمانوں نے مکہ فتح کیا۔ اسی سال طائف بھی فتح ہوا۔

سنہ ۹ھ:۔ غزوہ تبوک۔ ۳۰ ہزار مسلمانوں نے ایک لاکھ رومیوں کو شکست فاش دی۔

سنہ ۱۱ھ:۔ یمن، حجاز اور نجد مسلمانوں کے قبضہ میں آئے۔

۱۱تا۱۳ھ: فتح عراق (بعہدِ خلافت حضرت ابوبکر صدیقؓ) دین کی خاطر ملکِ شام پر مسلمانوں کی یلغار شروع ہوئی۔

۱۳تا۲۳ھ:۔ دورِ خلافت حضرت عمرؓ۔ شاندار فتوحات کا دور۔ شام، مصر، آذربائیجان اور ایشیائے کوچک کے کچھ علاقے مسلمانوں کے زیرِ نگیں آئے۔

بعلبک، شہزاد اور حمص کے مشہور معرکوں میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں تقریباً ۹۶ ہزار چھوٹے بڑے شہر اور قلعے فتح ہوئے۔

۲۳ تا ۳۵ھ :- دورِ خلافت حضرت عثمان غنیؓ۔ فتح افریقہ، بحرِ روم، جزائر روڈس، قبرص اور ایران کے غیر مفتوحہ علاقے اسلامی پرچم تلے آ گئے۔

۳۵ تا ۴۰ھ :- دورِ خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ جنگیں اور بغاوتیں زیادہ رہیں۔ ان فتنوں کو دبانے میں بڑا وقت صرف ہوا مگر پھر بھی اسلام کا اثر دور دور تک پہنچا اور تمام اقوامِ عالم پر مسلمانوں کی دھاک بیٹھ گئی۔

۴۸ھ :- امیر معاویہؓ کے دور میں روم کے اکثر شہر فتح ہوئے قسطنطنیہ کا محاصرہ کیا گیا

۵۰ھ :- شمالی افریقہ کے دور افتادہ مقامات، مارٹینیا اور صحرائے اعظم مسلمانوں نے فتح کئے اور طنجہ کا حکمران مطیع و اسیر ہوا۔

۶۱ھ :- حضرت مسلم بن زیادہ نے خوارزم و بخارا فتح کئے۔

۶۳ھ :- حضرت عقبہ بن نافع نے مغرب اقصیٰ فتح کیا۔

۸۴ھ :- خلیفہ ولید بن عبدالملک کے دور میں ایک بار پھر بازنطینیوں اور رومیوں کے علاقے مسلمانوں نے فتح کئے اور ایشیائے کوچک پر پوری طرح چھا گئے۔

۸۶ھ :- ولید بن عبدالملک نے اپنے بھتیجے قتیبہ بن مسلم کو خراسان کا گورنر بنا کر بھیجا۔ اس نے ایران کی سرحد پار کر کے روسی ترکستان اور مازندران پر اسلامی پرچم لہرا دیا۔

۹۰ھ :- تاتار اور ماوراء النہر فتح ہوئے اور آس پاس کا بہت سا علاقہ مسلمانوں کے زیرِ نگین آیا

۹۲ھ :- اسپین، پرتگال اور جنوبی فرانس مسلمانوں نے فتح کر لئے۔

۹۳ھ :- محمد بن قاسم نے ہندوستان پر سندھ کی جانب سے حملہ کیا اور سندھ و ملتان فتح ہو گئے۔

۹۵ھ :- جزیرہ سارڈینیا میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہوئی۔

۹۷ھ :- یزید بن مہلب نے جرجان اور طبرستان کو سخت جنگوں کے بعد دائرۂ فتوحاتِ اسلام میں شامل کر لیا۔

۱۰۴ھ :- جراح بن عبداللہ کی قیادت میں آرمینیا فتح ہوا۔ اسی سال سمح بن مالک نے فرانس کے شہر طولون کا محاصرہ کیا۔

۱۱۴ھ :- عبدالرحمٰن بن عبداللہ کی سپہ سالاری میں فرانس پر حملہ ــــ فرانس کے دو صوبوں، بورگینیا اور ایکیٹینیا کو روند ڈالا گیا۔

چارلس مارٹل کی فوج کو شکست دی اور ــــ بورڈیو تک کا یہ علاقہ بھی مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔

۱۱۷ھ :- حبیب ابی عبیدہ نے سوڈان تک اسلامی پرچم لہرا دیا۔

۱۱۹ھ :- فرغانہ اور خوقند میں کفار کو شکست اور سب علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ۔

سنہ ۱۲۱ھ :- رومی ملکوں پر مسلمہ بن عبدالمالک کا حملہ۔ کافروں کے سب قلعے فتح ہوگئے اور مروان بن محمد گورنر آرمینیا نے کاکیشیا (یعنی کوہ قاف) کے علاقے فتح کئے اور وہاں کے حاکم نے جزیہ دینا منظور کیا۔

سنہ ۱۲۲ھ :- جزیرہ صقلیہ (سسلی) پر قبضہ۔

سنہ ۱۶۵ھ :- خلیفہ مہدی کے صاحبزادے شاہزادہ ہارون رشید نے رومیوں پر حملہ کیا اور قسطنطنیہ پہنچ کر ملکہ آگسٹس کو خراج دینے پر مجبور کیا۔

سنہ ۲۲۴ھ :- مسلمانوں نے مشرقی افریقہ کی طرف رُخ کیا اور ایتھیوپیا و سومالی لینڈ سے نکل کر جنوبی افریقہ اور زنجبار تک فتح کر لیا۔

سنہ ۲۲۶ھ :- بحر اوقیانوس کے پچاس سے زیادہ جزیروں پر مسلمانوں کا قبضہ۔

سنہ ۲۲۰ تا ۲۲۵ھ :- یعقوب بن لیث اور دوسرے عرب مسلمانوں نے افغانستان اور روسی ترکستان تک اسلام کا ڈنکا بجا دیا اور لوگ اپنی خوشی سے مسلمان ہونا شروع ہوئے۔

سنہ ۳۷۴ھ :- راجہ جے پال نے غزنی پر حملہ کر کے اُسے تباہ کرنا چاہا لیکن سلطان سبکتگین نے اُسے شکست دی۔ اس طرح کچھ علاقے مسلمانوں کے قبضہ میں آ گئے۔

سنہ ۳۷۶ھ :- راجہ جے پال نے عہد شکنی کی اور پھر حملہ کیا۔ اِس مرتبہ دریائے سندھ کے مغربی کناروں تک مسلمانوں نے قبضہ کر لیا۔

سنہ ۳۸۱ھ :- راجہ جے پال نے سلطان سبکتگین کے انتقال کے بعد اُن کے بیٹے شاہ محمود غزنوی کی تخت نشینی کے بعد تیسری مرتبہ پھر حملہ کیا مگر اِس دفعہ اُسے پچھلی دونوں شکستوں سے بھی زیادہ شکست اُٹھانی پڑی۔ مسلمانوں نے جہلم تک کا علاقہ فتح کر کے اسلامی پرچم لہرا دیا اور فوجوں کا تعاقب کر کے راجہ جے پال کو مع فوج گرفتار کر لیا۔

سنہ ۳۹۵ھ :- سلطان محمود غزنوی نے قرامطیوں کے باعث اور راجہ آنند پال کی ریشہ دوانیوں کی وجہ سے بھاٹیہ پر حملہ کر کے اسے فتح کر لیا۔

سنہ ۴۰۶ھ :- محمود غزنوی نے تھانیسر اور نارائن کو فتح کر کے اُن پر اسلامی پرچم لہرا دیا۔

سنہ ۴۰۹ھ :- کشمیر فتح ہوا اور راجہ کو مطیع بنا لیا گیا۔

سنہ ۴۱۳ھ :- سومنات پر حملہ ہوا اور شمالی ہند کے علاقے فتح کر لئے گئے۔

سنہ ۵۸۸ھ :- گوالیار، آگرہ، قنوج اور بنارس فتح ہوئے اور اسی سال گجرات، میرٹھ اور علی گڑھ مسلمانوں کے قبضہ میں آ گئے۔

سنہ ۵۶۰ھ :- بہار اور بنگال کی فتح مسلمانوں کو نصیب ہوئی۔
سنہ ۶۲۶ھ :- شمس الدین التمش نے اڑیسہ کو اسلامی سلطنت کا جزو بنالیا۔
سنہ ۶۹۱ھ :- علاؤالدین خلجی کی سرکردگی میں فتح دکن کی مبارک ساعت آئی۔
سنہ ۷۰۹ھ :- خواجہ حاجی نے تلنگانہ، کرناٹک اور مالابار فتح کئے۔
سنہ ۷۲۷ھ :- سلطان ارخان نے ساحل باسفورس تک ایشیائے کوچک کو فتح کیا۔
سنہ ۷۶۱ھ :- شاہ مراد خان اوّل نے ایڈریانوپل فتح کیا۔
سنہ ۷۶۵ھ :- شاہ مراد خان اوّل نے رومانیہ اور تولیس پر قبضہ کرلیا۔ یہ عیسائیوں کے حملے کا جواب تھا۔
سنہ ۷۸۸ھ :- روس، پولینڈ، یونان، ہنگری، آسٹریا، سربیہ اور بلغاریہ کی سلطنتوں نے متحد ہوکر مسلمانوں پر حملہ کردیا۔ لیکن انہیں شکست فاش ہوئی اور سربیہ، یونان اور بلغاریہ نے خراج دینا منظور کیا۔
سنہ ۷۹۱ھ :- سلطان بایزید یلدرم نے دریائے ڈینیوب تک مشرقی یورپ کا علاقہ فتح کرلیا۔
سنہ ۷۹۹ھ :- انگلینڈ، جرمنی، اٹلی، فرانس، پولینڈ، بوسینا، آسٹریا اور ہنگری نے متحد ہوکر ترکوں پر حملہ کیا۔ ان متحد ممالک کی فوج چھ لاکھ تھی اور ترک فوج کی تعداد صرف بیالیس ہزار نکوپولس کے مقام پر فیصلہ کن جنگ ہوئی۔ ترکوں نے عیسائیوں کو مار بھگایا اور پولینڈ، انگلینڈ، فرانس، اٹلی، جرمنی اور بوسینا کے شاہزادوں کو قید کرلیا۔
سنہ ۸۰۴ھ :- شاہ بایزید یلدرم نے یونان فتح کرکے آسٹریا اور ہنگری کے کچھ علاقوں پر قبضہ کرلیا۔
سنہ ۸۲۴ھ : سربیہ فتح ہوا۔
سنہ ۸۵۷ھ :- محمد خان ثانی نے قسطنطنیہ پر اسلامی پرچم لہرایا۔
سنہ ۸۶۰ھ :- یوگوسلاویہ، ہنگری، رومانیہ، بلغاریہ فتح کئے گئے۔
سنہ ۸۶۵ھ :- شاہ محمد خان ثانی نے اٹلی کا شہر اوٹرنٹو اور بحر یونان کے جزائر رہوڈس فتح کئے۔
سنہ ۹۰۶ھ :- ترکوں نے بحر روم میں اٹلی، وینس، اسپین اور فرانس کے متحدہ بحری بیڑوں کو شکست فاش دی۔
سنہ ۹۲۰ھ :- سلطان سلیم خان اوّل نے جارجیا، آرمینیا اور کوہ قاف کے علاقے فتح کرکے اپنی حکومت میں شامل کرلئے۔
سنہ ۹۳۳ھ :- سلطان ظہیرالدین محمد بابر دہلی پہنچا۔
سنہ ۹۶۲ھ :- نصیرالدین محمد ہمایوں نے دہلی کو دوبارہ فتح کیا۔
(ہمایوں نے سنہ ۹۳۷ھ سے سنہ ۹۴۷ھ تک حکومت کی۔ پھر سنہ ۹۶۲ھ سے سنہ ۹۶۳ھ تک دوبارہ تخت سنبھالا)
سنہ ۹۶۳ھ تا سنہ ۱۰۱۴ھ :- جلال الدین اکبر نے ہندوستان پر حکومت کی۔

۱۰۱۴ھ :۔ سلطان جلال الدین محمد اکبر نے جنوبی ہندوستان پھر فتح کر لیا۔

۱۰۱۴ھ تا ۱۰۳۷ھ :۔ نور الدین محمد جہانگیر کی حکومت رہی اور جنوب مشرقی ہندوستان، کابل اور قندھار تک کو فتح کر لیا۔

۱۰۳۷ھ تا ۱۰۶۸ھ :۔ سلطان شہاب الدین محمد شاہجہان کی حکومت کا زمانہ ہے۔ جو شاندار عمارات کیلئے مشہور ہے۔

۱۰۶۸ھ تا ۱۱۱۷ھ :۔ سلطان محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر نے حکومت کی اور ۱۰۸۰ھ میں چاٹگام، آسام اور ارکان فتح کئے۔

۱۱۱۷ھ تا ۱۱۲۳ھ :۔ سلطان بہادر شاہ اول کی حکومت رہی۔

۱۱۲۳ھ تا ۱۱۶۷ھ :۔ سلطان احمد شاہ تخت پر متمکن رہے۔

۱۱۶۷ھ تا ۱۲۲۱ھ :۔ پہلے عالمگیر ثانی اور اس کے بعد ان کے لڑکے شاہ عالم نے حکومت کی۔

۱۲۲۱ھ تا ۱۲۵۳ھ :۔ معین الدین اکبر ثانی کا زمانہ رہا۔

۱۲۵۳ھ تا ۱۲۷۳ھ :۔ ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ ظفر کی حکومت رہی۔ اس کے بعد سلطنت مغلیہ کا چراغ ہندوستان میں گُل ہو گیا۔

۱۹۴۷ء :۔ برصغیر کے مسلمانوں نے پھر ایک علیحدہ مملکت بنائی جو پاکستان کے نام سے دائم و قائم ہے۔

قائدِ اعظم کا ارشاد

"میرے نوجوان دوستو! میں تمہاری طرف اس توقع سے دیکھتا ہوں کہ تم پاکستان کے حقیقی معمار ہو۔ دوسروں کا آلۂ کار مت بنو اور ان کے بہکانے میں مت آؤ۔ اپنے اندر مکمل اتحاد اور جمعیت پیدا کرو۔ اس کی مثال قائم کر دو کہ نوجوان کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ اگر تم اب اپنی قوتوں کو فضول کاموں میں ضائع کرو گے تو بعد میں افسوس کرو گے۔ جب تم یونیورسٹیوں اور کالجوں سے فارغ التحصیل ہو جاؤ تو پھر آزادی سے سرگرم ہو کر اپنی اور مملکت دونوں کی مدد کر سکتے ہو۔"

جلسہ علم میں تقریر
ڈھاکہ۔ ۲۱ر مارچ ۱۹۴۸ء

عبدالباری قیوم

پروفیسر قاضی محمّد اسلم ایم۔اے کینٹب

کم و بیش نصف صدی تک درس و تدریس اور علم و ادب کے میدان میں قابلِ قدر اور انتھک خدمات سرانجام دینے کے بعد جامعہ پنجاب اور جامعہ کراچی کے قابل و لائق اُستاد گورنمنٹ کالج لاہور اور تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے مقبول و مشہور اور ہردلعزیز پرنسپل جناب پروفیسر قاضی محمد اسلم ایم۔اے (کینٹب) ـــــ لاہور کی کشادہ و صاف ستھری آبادی گلبرگ میں سادہ مگر باوقار کوٹھی میں اب بھی گھریلو محاذ پر علمی، دینی، ادبی، گھریلو اور جماعتی سرگرمیوں میں مشغول ہیں ـــــ اپنی اُفتادِ طبع کی بناء پر کہ جیسے وہ فارغ اور بیکار رہنا جانتے ہی نہیں۔ پیرانہ سالی اور ماضی قریب میں ایک طول طویل جسمانی تکلیف میں مبتلا رہنے کے باوجود وہ بھلے چنگے خوش باش اور صحت مند دکھائی دیتے ہیں۔ وہ جب گرمجوشی سے مصافحہ کرتے ہیں تو اُن کے وجود میں ایک باصحت تنومند جوان کا احساس ہونے لگتا ہے۔ اور چہرے پر پھیلی مسکراہٹ ہلکی سی سلوٹوں کے جلو میں کسی گہری سوچ، تدبّر اور فکر کا پتہ دیتی ہے۔ اور پھر فاضلانہ فلسفیانہ ـــــ دُوراندیشانہ طرزِ گفتگو ـــــ گھنٹوں بیٹھے رہیے اُٹھنے کو جی نہیں چاہتا۔

جناب قاضی صاحب جماعت احمدیہ کے مشہور خاندان کے چشم و چراغ ہیں جو "قاضی فیملی" کے نام سے مشہور ہے۔ اس خاندان کی کئی پُشتوں نے حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کا زمانہ پایا اور گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ آپ کے جلیل القدر والد حضرت ڈاکٹر قاضی کرم الٰہی صاحبؓ اور دادا حضرت مولوی غلام رسول صاحب، اور خاندان کے کئی افراد کو حضورؑ کے اصحاب میں شمولیت کا اعزاز حاصل ہوا اور سبھی نے اپنی استعداد اور ہمت کے مطابق بڑے اخلاص اور فدائیت کے جذبہ سے احمدیت کی خدمت کی۔

محترم قاضی صاحب کے والد محترم حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہؑ کے زمانہ سے لے کر عرصہ دراز تک صدر انجمن احمدیہ کی مجلس معتمدین کے ممبر رہے۔ اسی طرح انہیں حضورؑ اور آپ کے خلفاءؓ کا معالج ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ وہ عرصہ تک صدر انجمن احمدیہ کے طبی مشیر رہے۔ جماعت احمدیہ امرتسر کے پہلے امیر ہونے کی حیثیت سے انہوں نے قابلِ قدر خدمات سرانجام دیں اور اِس عہدہ پر وہ اپنی وفات تک متمکن رہے۔

غرضیکہ آپ کا خاندان سلسلہ کے اوّلین فدائی خاندانوں میں سے ایک ہے۔ یہ آپ کے والدین کا حُسنِ تربیت ہے کہ اُنہوں نے اپنے امرتسر والے مکان کو دینی تربیت گاہ بنایا ہوا تھا۔ اور ایک عظیم دینی و رُوحانی اور علمی ماحول پیدا کر رکھا تھا۔ چنانچہ بعد میں اور اب بھی اِس گھریلو درسگاہ کے تربیت یافتہ افراد بڑے بڑے ڈاکٹروں، وکیلوں، انجینئروں اور اساتذہ میں شامل اور حکومت کے اعلیٰ عُہدوں پر فائز نظر آتے ہیں۔ جناب قاضی صاحب کو بھی اِس گھریلو درسگاہ کا تربیت یافتہ ہونے پر فخر ہے اور وہ اِس ماحول کا بڑی خوشی اور سرور سے ذکر فرمایا کرتے ہیں۔

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد المصلح الموعودؓ نے ایک دوست کے نام ایک خط میں جناب قاضی صاحب کے ضمن میں ایک مرتبہ جواباً تحریر فرمایا کہ:۔

"وہ ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جس کے جماعت احمدیہ پر اِس قدر احسانات ہیں کہ جماعت اس کا حق ادا نہیں کر سکتی۔"

"قاضی فیملی" میں ایک تقریبِ رخصتانہ کے موقعہ پر حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ:۔

"یہ خاندان حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہؑ کے زمانہ میں احمدیت کی بڑی خدمت کر چکا ہے۔ اِس خاندان کے افراد کو یہ توفیق ملی کہ اُنہوں نے راضی خوشی اپنی زندگی دین کی خدمت میں لگا دی۔ اِس خاندان کے افراد کو نمایاں طور پر خدمتِ دین کا موقعہ ملا ہے۔ انہوں نے بغیر کسی قسم کی جھجھک اور ہچکچاہٹ کے اپنی زندگیوں کو دین کی خدمت میں لگا دیا اور اِس بات کی پرواہ نہ کی کہ دنیوی طور پر اُنہیں کیا ملے گا۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اُن کے ساتھ یہ سلوک کیا کہ اُنہیں دین میں بھی عزت دی اور دنیوی طور پر بھی اپنی نعمتوں سے نوازا۔ جس میں بعد میں آنے والے نوجوانوں کے لئے سبق ہے کہ جو لوگ یا جو خاندان اپنے آپ کو دین کی خدمت میں لگا دیتے ہیں اُنہیں اللہ تعالیٰ کس طرح نوازتا ہے اور کس حد تک اُنہیں دینی طور پر ترقی دیتا ہے اور دُنیا میں بھی اُن کی عزت کو قائم کرتا ہے۔ اِس خاندان کے بزرگوں کی اُن خدمات کا جو اُنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے وقت میں کی تھیں یہ نتیجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اِس خاندان کو عزت و عظمت عطا فرمائی ہے۔ اِس خاندان کے بعض افراد میرے استاد بھی ہیں۔ سکول کے زمانہ میں

بھی ایک استاد رہے ہیں اور کالج کے زمانہ میں بھی میرے ایک استاد قاضی فیملی میں سے تھے گویا اللہ تعالیٰ نے اِس خاندان کو یہ نعمت عطا فرمائی ہے کہ اُن کے بزرگ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے وقت میں سلسلہ کی خاص خدمات بجا لاتے رہے۔۔۔۔۔"

(الفضل ۲۵ر نومبر ۱۹۶۵ء صـ۶)

حضرت قاضی صاحب ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم امرتسر میں پائی۔ وہیں ایم۔ اے۔ او ہائی سکول امرتسر سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بعدازاں علیگڑھ مسلم کالج سے اعلیٰ تعلیم کا آغاز کیا۔

۱۹۲۱ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے فلسفہ میں ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج کیمبلپور سے بحیثیت لیکچرر ملازمت کا آغاز کیا۔ ازاں بعد گورنمنٹ کالج لاہور منتقل ہو گئے جہاں سے تھوڑا عرصہ بعد آپ مزید اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے انگلستان تشریف لے گئے اور کیمبرج یونیورسٹی سے فلسفہ و نفسیات کے مضمون میں ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد وطن واپس لوٹے اور گورنمنٹ کالج لاہور میں پروفیسر کی حیثیت سے باقاعدہ علمی خدمات کا آغاز کیا۔

دورانِ قیام انگلستان آپ نے احمدیہ مشن کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں اور حضرت المصلح الموعودؓ کی بعض تصانیف کا انگریزی ترجمہ کیا جسے عوام و خواص ہر دو نے پسند کیا اور قدر کی نگاہ سے دیکھا۔

وطن واپس تشریف لانے کے بعد آپ ۱۹۵۴ء تک گورنمنٹ کالج لاہور میں تعلیم و تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے اور سالہا سال اس ادارہ کے پرنسپل کی حیثیت سے گرانمایہ خدمات سرانجام دیں۔

۱۹۵۴ء میں آپ جامعہ کراچی کے شعبۂ فلسفیات و نفسیات کے صدر مقرر ہو کر لاہور سے کراچی تشریف لے گئے اور ۱۹۶۶ء تک اس عظیم ذمہ داری کو بکمال احسن بجا لاتے رہے۔

فروری ۱۹۶۶ء میں حضرت امام جماعت احمدیہ نے آپ کو تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا پرنسپل مقرر فرمایا۔ چنانچہ اکتوبر ۱۹۷۰ء تک آپ نے اس عظیم درسگاہ کو اپنے تبحرِ علمی سے سیراب کیا اور اپنے عظیم علمی اور روحانی وجود سے یہاں کے طلبہ کو مستفید کیا۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو علمی، سائنسی، روحانی، دینی حقائق کو دلکش طرزِ بیان اور عمدہ اسلوبِ تحریر میں ایک مخصوص فلسفیانہ انداز میں بیان کرنے کی قدرت عطا کی۔ چنانچہ آپ کے اِسی وصف کی بناء پر حضرت المصلح الموعودؓ نے آپ کو جماعتِ احمدیہ کے عالمگیر جلسہ سالانہ کا لیکچرار مقرر فرمایا اور آپ سالہا سال تک اپنے مفوّضہ مشکل مضامین کو سادہ و سہل اور دلکش ہلکے پھلکے پیرایہ میں سامعین کے ذہن نشین کرواتے رہے۔ آپ کی ہر تقریر سے بڑے بڑے علماء بھی اپنے علم میں ایک مفید اضافہ محسوس کرتے اور کم علم احباب بھی آپ کی تقریر کو بآسانی سمجھ لیتے۔

محترم قاضی صاحب موصوف کو ۱۹۳۱ء سے ۱۹۳۴ء تک امیرِ جماعت اور اس کے بعد سالہا سال تک نائب امیر جماعتِ احمدیہ لاہور کی حیثیت سے سلسلہ کی گراں بہا اور جلیل القدر خدمات کا بھی موقعہ ملا۔ آپ کے عہدِ امارت میں جماعتِ لاہور نے تنظیمی لحاظ سے بہت ترقی کی۔

۱۹۴۴ء میں تعلیم الاسلام کالج قادیان کی از سرِ نو تشکیل کے موقعہ پر حضرت المصلح الموعودؓ نے قیامِ کالج کے منصوبہ کو جلد سے جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے اور اُسے جاری کرنے کے انتظامات کی انجام دہی کے لئے ایک "کالج کمیٹی" مقرر فرمائی جس کے پانچ ممبران میں جناب قاضی صاحب بھی شامل تھے۔ اس کمیٹی نے نہایت مفید اور قابلِ قدر انتظامی خدمات سرانجام دیں جسے اکتوبر ۱۹۴۵ء میں مجلس تعلیم میں مدغم کر دیا گیا۔

تعلیم و تدریس کے اس طویل عرصہ میں آپ کی توجہات فلسفہ اور نفسیات کے مضامین کو ترقی دینے کے لئے وقف رہیں۔ آپ ۱۹۳۹ء میں گورنمنٹ کالج کے شعبۂ فلسفہ و نفسیات کے صدر مقرر ہوئے۔ جہاں تک کالج اور یونیورسٹی کو فلسفے کے میدان میں اعلیٰ بنیادوں پر قائم کرنے اور اُسے ترقی دینے کا تعلق ہے محترم قاضی صاحب کا اس میں بہت بڑا دخل ہے۔

شعبۂ نفسیات کی وسعت اور اُس کی اُس وقت کی ترقی پذیر حالت جس پر ایک لاکھ سے زائد روپیہ صرف ہوا تھا تمام تر آپ ہی کی مساعیٔ جمیلہ کی رہینِ منت ہے۔ پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب کا پنجاب یونیورسٹی کے سینئر ترین پروفیسروں اور ماہرینِ تعلیم میں شمار تھا۔ اِس عرصہ میں آپ ڈائرکٹر محکمۂ تعلیم پنجاب اور سیکرٹری حکومتِ پنجاب کے عہدوں پر بھی فائز رہے۔ پھر مُلک کے تعلیمی مسائل پر غور کرنے کے لئے مرکز نے جو تعلیمی کانفرنس طلب کی تھی آپ نے اس میں پنجاب کے ماہرینِ تعلیم کے وفد کی قیادت کی۔ آپ کے زمانۂ تعلیم و تدریس میں جن طلباء نے فارغ التحصیل ہو کر زندگی میں قدم رکھا ہے اُن میں سے اکثر کو قومی یونیورسٹیوں، افواج کے انتخابی بورڈ اور پبلک سروس کمیشن وغیرہ میں ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔

آپ کے وفاقی دارالحکومت کراچی تشریف لے جانے سے آپ کی کمی کو نہ صرف ڈائرکٹر محکمۂ تعلیم پروفیسر سراج الدین نے محسوس کیا بلکہ پنجاب یونیورسٹی اور ریڈیو پاکستان نے بھی آپ کے یہاں سے تشریف لے جانے کو محسوس کیا۔ کیونکہ ہر دو اداروں میں بصیرت افروز تقاریر اور مکالموں سے آپ کو بے حد مقبولیت حاصل تھی۔

اِس موقعہ پر ڈائریکٹر تعلیم پروفیسر سراجدین نے محترم قاضی صاحب کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ :-

"پروفیسر قاضی محمد اسلم نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور خداداد فراست کی مدد سے فلسفہ اور نفسیات کے خشک مضامین کو مقبول اور ہر دلعزیز بنانے میں بہت اہم کردار

ادا کیا ہے۔"

۱۹۶۶ء سے ۱۹۷۰ء کے ربوہ کے قیام کے زمانہ میں محترم قاضی صاحب کو صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ میں ناظر تعلیم کے منصب جلیلہ پر فائز رہ کر ان قدر اور گراں مایہ خدمات سرانجام دینے اور تعلیمی معیار بلند کرنے کا بھی موقعہ ملا۔

قاضی صاحب موصوف مزاج شناس استاد، فن کے ماہر، اچھے منتظم اور شفیق و مہربان مربی کی حیثیت سے علم و ادب کی خدمت بجا لاتے رہے۔ طلباء کے ساتھ آپ کا سلوک ہمیشہ شفیقانہ، پدرانہ ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ تمام طلباء آپ سے بے حد محبت رکھتے تھے۔ ہر ایک سے ہر حالت میں خندہ پیشانی سے مسکراتے ہوئے ملتے اور اُن کے مسائل اور فلاح و بہبود کیلئے کوشاں رہتے۔ مجھے اُن کی ایک تجویز میں اپنے طلباء کے لئے خیر خواہی کے جذبات کا سیلاب امنڈتا نظر آیا جب انہوں نے ربوہ سے واپس لاہور تشریف لے جانے کے بعد ایک ملاقات میں فرمایا کہ "میرا دل چاہتا ہے کہ تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا ایک ذیلی دفتر لاہور میں ہو جو طلباء کے لئے تازہ ترین ضروری معلومات کالج کو بھیجتا رہے تاکہ طلباء کو اپنے امتحانات پاس کرنے کے بعد اپنا آئندہ لائحہ عمل تیار کرنے میں کسی قسم کی دقت اور پریشانی نہ اُٹھانا پڑے۔"

حضرت قاضی صاحب کا مطالعہ بے حد وسیع ہے۔ وہ ہر قسم کے علوم پر دسترس رکھتے ہیں سلسلہ کے لٹریچر خصوصاً حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی کتب پر انہیں عبور حاصل ہے اور کئی کتابوں کے حوالے انہیں ازبر ہیں۔ اپنے خصوصی مضمون پر پوری طرح حاوی بلکہ اس کے کئی نئے زاویوں کے موجد ہیں اور عقل و نقل کے ساتھ فلسفہ و نفسیات کو روحانی و دینی علوم کا عملی طور پر خادم ثابت کر دکھانا محترم قاضی صاحب موصوف کا عظیم کارنامہ ہے۔

محترم قاضی صاحب کی تقاریر و تحریرات بلاشبہ علوم کا بحر ذخار اور ایک انمول خزانہ ہیں جو اعلیٰ درجہ کے فلسفیانہ نوادرات سے پُر اور علم و فن، عقل و بصیرت کا بے نظیر اور اچھوتا شاہکار ہیں جن کا یکجا کیا جانا صاحبانِ ذوق کیلئے یقیناً مفید ہو سکتا ہے۔

محترم قاضی صاحب سے میرا ذاتی تعلق گزشتہ قریباً تین سال سے ہے جس کا باعث اُن کے والد محترمؒ اور خاندان کے بڑے بزرگوں کے سوانح حیات کی تدوین کا کام ہے جو تا حال جاری ہے۔ جب میں پہلی مرتبہ انہیں اس کام کے آغاز پر لاہور جا کر ملا تو پہلی ملاقات میں ہی مجھے یہ احساس ہوا کہ گویا میرا بچپن سے اُن کے ساتھ تعلق ہے۔ اپنائیت کا یہ احساس اُن سے ملنے والا ہر شخص اپنے دل میں لیکر لوٹتا ہے۔ پیرانہ سالی میں اپنے آباؤ اجداد و اقارب کے سوانح قلمبند کروانے کا اہتمام کروانا یقیناً اپنے محسن و مہربان والدین کی تربیت و احسانات کا کم از کم ـــــ مگر بہترین بدل ہے جسے قاضی صاحب نے منتخب فرمایا ہے۔ اب یہ کام تکمیل کے آخری مراحل طے کر رہا ہے۔ اُن کے بزرگ اور جلیل القدر والدین اور بڑے بھائیوں کے قابلِ رشک سوانح پر مشتمل کتاب "کرم الٰہی" جلد آپ کے ہاتھوں میں ہوگی جو انشاء اللہ تعالیٰ بہتوں کے لئے رُشد و ہدایت کا باعث ہوگی ۔

بشیر طارق
سال چہارم (فنون)

"چومتا ہے جن کی پیشانی کو جھک کر آسماں"

جب سے پاکستان معرضِ وجود میں آیا ہے ہمیں کئی بار ہندو استعماریت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تقریباً ہر معرکے میں اور ہر مشکل وقت میں پاک فوج کے جیالے فرزندوں نے جرأت و بہادری اور عزم و ہمت کی ایسی داستانیں اپنے خون سے رقم کی ہیں جو ہمیشہ ہمارے دلوں کو گرماتی رہیں گی ——— ہماری افواج نے نہ صرف بحیثیتِ مجموعی اپنی فنی قابلیت اور مہارت کا لوہا دنیا سے منوایا ہے بلکہ انفرادی طور پر بھی ہمارے شیر دل بہادروں نے اپنے جذبۂ حب الوطنی اور قوتِ ایمانی کے بل بوتے پر "عسکری تاریخ" میں اپنا ایک منفرد مقام پیدا کر لیا ہے۔ ایسے سینکڑوں واقعات بیان کئے جا سکتے ہیں جن میں قوم کے ان سپوتوں نے مروّج طریقہ ہائے جنگ اور "فنِ حرب" کے بنیادی اصولوں کے برعکس ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں کہ پوری قوم کا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے۔ ہمارے سپاہیوں نے جس شجاعت اور دلیری سے ہندو جارحیت کے دانت کھٹے کئے ہیں اس پر ساری قوم کو فخر ہے اور وہ ہمیشہ ان پر نازاں رہے گی۔

——— اپنے جانباز سپاہیوں کی جرأت و بہادری کے انہی محیّر العقول کارناموں اور ان کی اعلیٰ فنی صلاحیتوں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لئے صدرِ پاکستان کی جانب سے انہیں مختلف اعزازات عطا کئے جاتے ہیں۔ یہ فوجی اعزاز اِس بات کی ضمانت ہوتے ہیں کہ ساری قوم کو اپنے ان فرزندوں پر ناز ہے اور وہ ان کی عظیم قربانیوں کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے لئے تشکر و آفرین کے جذبات رکھتی ہے ——— یہاں ہرگز اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ اعزاز کسی معاوضے کی حیثیت رکھتے ہیں یا جو سپاہی ان سے محروم ہیں وہ خدانخواستہ بہادر نہیں بلکہ یہ تو پاکستانی قوم کا ایمان ہے کہ ہمارا ہر سپاہی شہادت کے اس عظیم جذبہ سے سرشار ہے جو ملکی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے حاصل ہو۔ سبھی جانباز ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں لیکن جن کے کارناموں کی تفاصیل افسرانِ بالا تک پہنچ جاتی ہیں ان کے لئے ان اعزازات کا اعلان کیا جاتا ہے۔

پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز "نشانِ حیدر" اب تک اُن سات خوش نصیبوں کو ملا ہے جنہوں نے اپنے خون سے اِس پاک سرزمین کی آبیاری کی ہے اور ملک کا دفاع کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا ہے۔ ان شہداء کے اسمائے گرامی یہ ہیں کیپٹن سرور شہید، میجر طفیل شہید، میجر عزیز بھٹی شہید، پائلٹ افسر راشد منہاس شہید، میجر اکرم شہید،

میجر شبیر شہید اور سوار محمد حسین شہید۔ آخر الذکر تین شہیدوں کو یہ اعلیٰ ترین فوجی اعزاز حالیہ جنگ میں بے مثال شجاعت و بہادری اور اعلیٰ کارناموں پر دیا گیا ہے۔ ذیل میں مختصر طور پر ان تین شہداء کے حالاتِ زندگی اور جنگی کارناموں کا تذکرہ کیا جاتا ہے:۔

میجر محمد اکرم ملک شہید

میجر محمد اکرم شہید جنہوں نے مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر وطن کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جان قربان کی۔ ۴ اپریل ۱۹۳۸ء کو ضلع گجرات کے ایک قصبہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ملک سخی محمد صاحب ضلع جہلم کے ایک گاؤں نکا کلاں میں رہائش پذیر ہیں۔ آپ کے تین اور بھائی بھی پاک فوج میں ہیں۔ ملک اکرم اپنے گاؤں میں ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد سرائے عالمگیر کے فوجی سکول میں داخل ہو گئے اور کامیاب ہونے پر فوج میں کمیشن کے لئے درخواست دی مگر ناکامی کی صورت میں ۱۹۵۱ء میں وہ ایک سپاہی کی حیثیت سے فوج میں بھرتی ہو گئے۔ مشرقی پاکستان میں جب وہ لانس نائیک تھے تو ۱۹۵۵ء میں انہیں کمیشن ملا۔ وہ زیادہ عرصہ مشرقی پاکستان میں ہی متعین رہ کر خدمات بجا لاتے رہے اور بالآخر وہیں پر اُن کی شہادت بھی ہوئی۔

میجر اکرم طبعاً کم گو، مخلص، نیک اور پاکیزہ اخلاق کے انسان تھے۔ وہ پانچ وقت کے نمازی تھے اور فوج کی ملازمت کو ایک اعلیٰ اعزاز تصور کرتے تھے۔ اُن کی بہادری کی مثال اُن کے اُن خطوط سے بھی ملتی ہے جو اُنہوں نے محاذِ جنگ سے اپنے گھر لکھے۔ ایک جگہ وہ لکھتے ہیں کہ اسلام اور وطن کی خاطر قربان ہونا ہمارے لئے باعثِ افتخار ہے۔

حالیہ جنگ میں وہ ہلی کے محاذ پر تعینات تھے اور ایک سرحدی چوکی پر کمپنی کمانڈر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ اس محاذ پر آپ نے جس بہادری اور شجاعت کا مظاہرہ کیا وہ تاریخ میں ایک سنہری باب کے طور پر ہمیشہ روشن رہے گا۔ آپ نے صرف دو کمپنیوں کی مدد سے دو ڈویژن بھارتی فوج کا حملہ آخری وقت تک روکے رکھا جبکہ بھارتی فوج کو ٹینک سکواڈرن اور فضائیہ کی مدد بھی حاصل تھی۔ دشمن کے حملہ کا مقصد ریلوے لائن کو کاٹنا اور اس علاقہ میں موجود پاکستانی فوج کو اسلحہ اور رسد سے محروم کرنا تھا۔ پندرہ روز تک دشمن بار بار حملے کرتا رہا لیکن نتیجہ اس کی ہزیمت کے سوا کچھ نہ نکلا۔ دشمن کی ناکامی کا راز میجر اکرم شہید کی بے مثال قیادت، منصوبہ بندی اور پاک فوج کے جذبۂ ایمانی میں مضمر تھا۔ قدرت میجر اکرم شہید کے اس عزم کو سچ ثابت کرنے پر تلی ہوئی تھی۔ چنانچہ جب تک وہ زندہ رہے دشمن پاکستانی علاقہ میں ایک انچ بھی آگے نہ بڑھ سکا۔ شہید نے اپنے اس عزم کو سچ ثابت کر دکھایا اور دنیا و آخرت میں سرخرو ہو گیا۔

میجر شبیر شریف شہید

میجر شبیر شریف حالیہ جنگ کے دوسرے شہید ہیں جنہیں "نشانِ حیدر" کا عظیم فوجی اعزاز دیا گیا ہے۔ اُنہوں

نے بھی حسبِ روایت جرأت، بہادری، بلند حوصلگی اور نظم و ضبط کی ایک درخشندہ مثال قائم کی ہے اور شہادت کے رُتبہ سے سرفراز ہو کر اپنی ان عظیم اور گرانقدر قربانیوں کے حق میں مہرِ تصدیق ثبت کر دی ہے۔

میجر شبیر ۲۸ اپریل ۱۹۴۳ء کو کنجاہ ضلع گجرات میں پیدا ہوئے اور ۱۹۶۴ء میں فوج میں کمیشن حاصل کیا۔ میجر شبیر شروع سے ہی بہت ہونہار اور محنتی تھے۔ چنانچہ فوجی تعلیم کے خاتمہ پر "اعزازی تلوار" حاصل کر کے فوج میں اپنے شاندار اور عظیم مستقبل کا آغاز کیا اور جس کا انجام "نشانِ حیدر" جیسے اعلیٰ اعزاز کو حاصل کرنے پر ہوا۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران انہوں نے اعلیٰ کارناموں پر "ستارۂ جرأت" کا اعزاز بھی حاصل کیا تھا۔

میجر شبیر بے حد ذہین اور بہادر تھے اور ان کا دل جذبۂ جہاد سے پوری طرح سرشار تھا۔ انہوں نے اپنے ایک خط میں لکھا کہ "میں کسی کی غلامی قبول کرنے کے مقابلہ میں اپنی جان دینا زیادہ پسند کروں گا"۔ چنانچہ انہوں نے اپنے قول کو پورا کیا اور اپنی جان کی بازی لگا کر پوری قوم کی آزادی کی حفاظت کر گئے ــــــ ۳ دسمبر کو جب دشمن نے مغربی پاکستان کی سرحدوں پر حملہ کیا تو میجر شبیر سلیمانکی سیکٹر میں متعین تھے۔ انہیں حکم ملا کہ وہ بھارت کے فوجی لحاظ سے اہم بند پر قبضہ کر لیں میجر شبیر شریف فرنٹیئر فورس کی ایک کمپنی کی کمان کر رہے تھے۔ حکم ملتے ہی وہ دشمن پر بجلی بن کر گرے اور آن کی آن میں دشمن کے کنکریٹ کے بنے ہوئے مورچے روند ڈالے۔ انہوں نے دشمن کی کئی چوکیوں پر قبضہ کرنے کے لئے بارودی سرنگوں اور ایک نہر کو بھی بڑی بہادری اور بے خوفی سے عبور کر لیا۔ نہر کے دوسرے کنارے پر دشمن کے پختہ مورچے اور دمدمے تھے۔ پاک فوج کے سپاہیوں نے میجر شبیر کے حکم پر دشمن پر بپھرے ہوئے شیر کی مانند حملہ کر دیا اور دشمن کو بھاری جانی و مالی نقصان پہنچا کر پسپا ہونے پر مجبور کر دیا اور اپنا مشن پورا کر لیا۔ اس معرکے میں انہوں نے دشمن پر بہت کاری ضربیں لگائیں۔ ۴ دسمبر کو دشمن نے ایک زبردست حملہ کیا۔ اس حملہ کے دوران میجر شبیر اپنے مورچے سے باہر نکل آئے اور بھارتی فوج کی چوتھی جاٹ کمپنی کے کمانڈر میجر نرائن سنگھ کو پکڑ کر اسی کی سٹین گن سے اُسے ہلاک کر دیا اور اُس کے قبضہ سے اہم نوعیت کی دستاویزات حاصل کر لیں۔ میجر شبیر اپنے ساتھیوں کی مدد سے دشمن کے پانچ بڑے حملے ناکام بنا دیئے اور دو بٹالین فوج کا صفایا کر دیا۔

بعد دوپہر دشمن نے بھاری توپ خانہ اور فضائیہ کی مدد سے دوبارہ ایک زبردست حملہ کیا۔ میجر شبیر نے توپ خود سنبھال لی اور بھارتی ٹینکوں کو نشانہ بنانے لگے۔ اسی دوران ایک گولہ انہیں لگا اور قوم کا یہ عظیم فرزند اپنا اہم مشن پورا کر کے جامِ شہادت نوش کر گیا ــــــ شہید کی والدہ نے اپنے بیٹے کی شہادت کی خبر سُن کر ان جذبات کا اظہار کیا "مجھے فخر ہے کہ میرے بیٹے نے دفاعِ وطن اور اسلام کی سربلندی کے لئے جان دے کر اپنے نام کی عظمت برقرار رکھی۔ میرے بیٹے کا نام ہمیشہ تاریخ میں زندہ رہیگا اور آئندہ نسلوں کے لئے مشعلِ راہ ثابت ہوگا"۔ بلاشبہ میجر شبیر اور ایسے ہی دوسرے شہیدوں نے اپنے خونِ جگر سے جس مشعل کو روشن کیا ہے وہ ہمارے لئے روشنی کے مینار کی حیثیت رکھتی ہے اور جس کے نور سے پوری قوم ہمیشہ منور ہوتی رہے گی۔

سوار محمد حسین شہید

حالیہ پاک، بھارت جنگ میں محمد حسین شہید پہلے سپاہی ہیں جنہیں شجاعت و دلیری کی اعلیٰ روایات قائم کرنے پر "نشانِ حیدر" عطا کیا گیا ہے۔ سوار محمد حسین نے شکر گڑھ کے محاذ پر ایک ایسے تاریخ ساز معرکے میں حصہ لیا جس میں دشمن نے اپنی پوری طاقت صرف کر دی لیکن پاکستان کے محمد حسین جیسے مایۂ ناز سپوتوں نے جانفروشی اور جاں سپاری کی بے مثل روایات قائم کرتے ہوئے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا دیا۔

محمد حسین ۱۸ جون ۱۹۴۹ء کو تحصیل گوجر خان کے گاؤں موڑا حیات میں پیدا ہوئے اور ۱۹۶۶ء میں ہلکی گاڑیوں اور ٹینک ڈرائیور کی حیثیت سے فوج میں شامل ہوئے۔ وہ اپنے والدین کے اکلوتے بیٹے اور ان کے واحد کفیل تھے۔

جنگ میں عملی حصہ لینا شہید کے فرائض میں شامل نہیں تھا لیکن شوقِ شہادت کے جذبہ سے سرشار ہو کر وہ اپنے دوسرے ساتھیوں کے شانہ بشانہ جہاد کے لئے میدانِ جنگ میں کود گئے اور رضاکارانہ طور پر اپنے اصل فرائض کے علاوہ دشمن سے براہِ راست نبرد آزما ہونے کی پیشکش بھی کی جسے قبول کر لیا گیا۔ جب دشمن کی توپیں آگ برسا رہی ہوتی تھیں وہ پاک فوج کے ہر مورچے میں جاتے اور گولہ بارود پہنچاتے رہے۔ انہوں نے اپنے آپ کو مشکل سے مشکل مہم کے لئے پیش کیا اور قربانی و ایثار کے انمٹ نقوش اپنی یادگار چھوڑ گئے۔ ۹ دسمبر کو انہوں نے گاؤں ہڑ تھور کے سامنے دشمن کی نقل و حرکت دیکھی۔ انہوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور تنہا ہی دشمن کے مقابلہ میں ڈٹ گئے اور دشمن کو روک لیا۔ اگلی صبح انہوں نے اس کی اطلاع کمانڈر کو دی اور تمام صورتِ حال سے آگاہ کیا۔ وہ اپنے ساتھیوں کی راہ نمائی کرتے ہوئے صحیح نشانوں پر گولہ باری کرواتے رہے اور دشمن کے ۸ ٹینک اور بہت سا اسلحہ اور گولہ بارود تباہ کرنے کے علاوہ اس کو بھاری جانی نقصان بھی پہنچایا۔ سوار محمد حسین بے مثال جرأت و بہادری اور بامردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے مورچوں میں چلے گئے اور دشمن کی پوزیشنیں معلوم کر کے اپنے ساتھیوں کی اس سمت راہنمائی کی جس میں دشمن کی تباہی یقینی تھی۔ ان کے ساتھیوں کا بیان ہے کہ جس دلیری اور بے باکی سے محمد حسین یہ مشکل کام سرانجام دے رہے تھے اس سے اندازہ ہوتا تھا کہ یہ شخص گوشت پوست کا نہیں بلکہ فولاد کا بنا ہوا انسان ہے۔ جنگ کے دوران انہوں نے جس مستعدی، حاضر دماغی اور جوش و ولولہ کا مظاہرہ کیا اس سے قرونِ اولیٰ کے عظیم مجاہدوں کی یاد تازہ ہو گئی۔ اس ناقابلِ فراموش معرکے کے دوران محمد حسین شہید اپنے مورچے سے نکل کر دشمن کی پوزیشن معلوم کرنے کے لئے نکلے لیکن مشین گن کے ایک گولے سے شہید ہو کر پاک سرزمین کو اپنے خون سے لالہ زار بنا گئے۔ اپنی جان قربان کر کے انہوں نے دشمن کی پیش قدمی روک دی اور ایک سچے مجاہد کی حیثیت سے اپنے فرض سے سبکدوش ہو گئے۔ !!

——— یہ وہ واقعات و حالات تھے جن میں حد درجہ بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کرنے پر میجر اکرم، میجر شبیر اور

سوار محمد حسین کو "نشانِ حیدر" عطا کیا گیا ——— ان شہیدوں کے علاوہ ایسے بے شمار مجاہد ہیں جن کی جرأت و بہادری کے واقعات منظرِ عام پر نہ آسکے مگر فلک کج رفتار ان کی قربانیوں کا گواہ رہے گا۔ خدا کے حضور ان کی قربانیاں ضرور نوازی جائیں گی۔ ہم اپنے ان گمنام مجاہدوں کی رُوحوں کو ہدیۂ تہنیت پیش کرتے ہیں۔

ہمارے فوجی جوانوں نے جس بے مثل جانفروشی، دلیری اور پامردی کا ثبوت دیا ہے اس کے لئے پوری قوم ان کی احسان مند رہے گی۔ ہم ایک بامقصد جنگ لڑ رہے تھے اور ہمیں خدا کی ذات پر پُورا اعتماد تھا ——— آرزوئے شہادت نے ہمارے جوانوں کو موت سے بے خطر کر دیا تھا۔ وہ اِس عزم سے موت کی وادی میں اُترے کہ اگر موت آگئی تو شہید اور اگر زندہ بچے تو غازی ——— !! اِس عزم نے اکرم ملک، شبیر شریف اور محمد حسین جیسے شہیدوں کو رتبۂ شہادت سے ہمکنار کیا ایسے مایۂ ناز جوان پیدا ہوتے رہیں گے اور ملک و قوم کا نام روشن کرتے رہیں گے۔

سلام ان غازیانِ وطن پر جن کے لازوال جذبہ نے پاکستان کو حیاتِ نو عطا کی اور اسلام ان شہدائے وطن پر جن کے مقدس خون سے اِس پاک سرزمین کی آبیاری ہوئی ——— شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں گیا بلکہ انہوں نے اپنے مقدس خون سے مادرِ وطن کی عزت کو قائم رکھا، انہوں نے پُوری قوم کی آزادی کی حفاظت کی اور انہوں نے اپنے آج کو ہمارے کل کے لئے قربان کر دیا۔ وہ خود تو موت کی وادی میں چلے گئے لیکن ساری قوم کے لئے جینے کے سامان کر گئے ——— خدا ان سب کو غریقِ رحمت کرے۔ !! علامہ اقبال نے شاید انہی شہیدوں کے لئے کہا تھا کہ ؎

شمع کی مانند جئیں بزم گہِ عالم میں
خود جلیں دیدۂ اغیار کو بینا کر دیں

روشن ستارے ——— بقیہ صفحہ ۲۸

آپ اور آپ کے ساتھیوں نے رذیل دشمن کے ہاتھوں قید ہونے کی بجائے وہاں سے فرار ہونے کا منصوبہ بنایا۔ اور ۱۶ر دسمبر کو علی الصبح ایک ہیلی کاپٹر میں سوار ہو کر برما کی طرف روانہ ہو گئے۔ دشمن کی توپوں نے ہیلی کاپٹر تباہ کرنے کے لئے پے در پے گولے برسانے شروع کر دیئے لیکن یہ سب موت سے بے خطر ہو کر برما کی جانب بڑھتے رہے۔ اِس دوران دشمن کی گولی سے پائیلٹ بھی زخمی ہو گیا۔ مگر پائیلٹ نے ہمت نہ ہاری اور ہیلی کاپٹر کو رنگون کے ہوائی اڈے پر اُتار کر ہی دم لیا۔ یہاں سے اِن سب کو پی۔ آئی۔ اے کے طیارے کے ذریعے پاکستان کے مغربی حصہ میں پہنچا دیا گیا۔

آجکل آپ بطور ۶۸۰ III آپریشنز ڈھاکہ میں متعین ہیں +

ایسے بہادر جوانوں کا تذکرہ ابھی باقی ہے جو المنار کے آئندہ شماروں میں ہدیۂ قارئین کیا جائے گا انشاءاللہ (ادارہ)

محمد داؤد منیر
سال چہارم (فنون)

روشن ستارے

یُوں محسوس ہوتا ہے جیسے اب ہمارے سینے میں ایسی کوئی آہ موجود نہیں جس کا دھواں اس محفل کی فضا میں تحلیل ہو سکے۔ اب تو ہماری آنکھوں کے سامنے کوئی ایسا آنسو بھی تیرتا دکھائی نہیں دیتا جس سے یہ کاغذ نم آلود ہو جائے۔ زیرِ نظر شمارہ سقوطِ مشرقی پاکستان کے بعد کا پہلا شمارہ ہے۔ جی چاہتا ہے کہ تعلیم الاسلام کالج کے اُن یارانِ قدیم کی یاد میں ایک چھوٹی سی محفل برپا کریں جنہوں نے وطنِ عزیز کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہ کیا۔ ان میں سے کچھ شہید ہوئے، کچھ سقوطِ ڈھاکہ کے بعد اب تک دشمن کی قید میں ہیں اور کچھ ابھی تک سرحدوں پر بیٹھے کسی اشارے کے منتظر ہیں۔ قوم کے ان مایۂ ناز فرزندوں کو ہم سلام کہتے ہیں۔ کاش! ہم میں سے ہر ایک کو یہ علم ہو جائے کہ شہیدوں کے حسین سلسلے میں بسنے والے مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں، تا ابد زندہ و پائندہ ——— یہ زمین و آسماں چکر کھاتے کھاتے تھک جائیں مگر اُن کے کفن میلے نہ ہو سکیں گے ——— آیئے اب ذرا ان صف شکن مجاہدوں کے کارناموں سے اپنے دل گرمائیں جو کبھی اسی کالج کے کمروں میں بیٹھتے تھے اور انہی روشوں پر گھوما کرتے تھے۔

۱۔ ۱۹۴۹ء کا ذکر ہے تعلیم الاسلام کالج میں منیر نامی ایک لڑکا ایف۔ اے کا طالبعلم تھا۔ منیر ایک ایسے دور کا طالبعلم تھا جبکہ ۱۹۴۷ء کے قیامت خیز انقلاب سے امن و چین اور سکون کے دن مبدل ہو گئے تھے۔ نہایت بے بسی اور کسمپرسی کی حالت میں لاہور میں تعلیم الاسلام کالج کا آغاز ہوا۔ لٹے پٹے طلباء دن کو جن صفوں پر بیٹھ کر اساتذہ کے لیکچر سنتے رات کو انہی صفوں پر سو رہتے۔ دُبلا پتلا مگر چاک و چوبند منیر شروع ہی سے خاموش طبع تھا۔ ہاکی کا اتنا اچھا کھلاڑی کہ کالج کو اس پر فخر تھا۔ اس کے علاوہ گاف کا بھی حد درجہ شوقین تھا۔ جب کبھی دوستوں کے ساتھ بیٹھتا تو فضاؤں کی باتیں ہی کرتا ——— پاکستان نیا نیا بنا تھا، دشمن اسے ہر طرح سے نقصان پہنچانے کے درپے تھا۔ فضاؤں میں ہر وقت طیاروں کی گھن گرج سُنائی دیتی رہتی۔ منیر جب کبھی کسی طیارے کی گھن گرج سُنتا فوراً کلاس سے باہر نکل کر اسے دیکھنے لگتا اور اُس کی نگاہیں دُور تک جہاز کا پیچھا کرتیں۔ جب جہاز آنکھوں سے اوجھل ہو جاتا تو وہ ایک ٹھنڈی آہ بھر کر نصاب کی کتابیں پرے پھینکتا اور سوچوں کی دُنیا میں کھو جاتا۔ منیر کا فضا میں اُڑنے کا ہوا شوق اُسے کالج کی چار دیواری سے نکال کر ایک فلائنگ کلب میں لے آیا جہاں وہ دو سال تک فضائی تربیت حاصل کرتا رہا۔ چُپ چاپ رہنے والا وہی منیر اب کافی ہنس مُکھ ہو چکا تھا۔ دوستوں سے انتہائی خوش خُلقی سے پیش آتا۔ فلائنگ کلب میں دو سال گزارنے کے بعد ۱۹۵۱ء میں وہ پاک فضائیہ سے منسلک ہو گیا۔ پی۔ اے۔ ایف سکول کے سیبر ہاؤس میں منیر کا نام اس کی ہمدردی، خوش خُلقی اور محبت و مودت کی وجہ سے اتنا مشہور ہوا کہ بعد میں یہی سیبر ہاؤس منیر ہاؤس کہلانے لگا۔ رفتہ رفتہ منیر اپنے فن میں اتنا ماہر ہو گیا کہ اس کی ہوا بازی کی دھاک غیروں کے دل پر بھی بیٹھ گئی۔ ۲۲ سال کا منیر اب ۳۸ سال کو پہنچ چکا تھا۔ اب اسے سکواڈرن لیڈر خلیفہ منیر الدین کے نام سے پکارا

جانے لگا۔ ۱۹۶۵ء کے افق پر ستمبر کا مہینہ طلوع ہوا۔ ناپاک اور عیار دشمن نے پاکستان پر جنگ مسلط کر دی۔ جہاں زمینی توپوں کے دہانے کھلے وہاں پاک فضائیہ بھی حرکت میں آ گئی۔ منیر کے ساتھی فضاؤں میں جاتے اور دشمن پر کاری ضربیں لگاتے لیکن منیر کی جبین کی شکنت آڑے آئی اور اُسے تمام فضائی مہمات سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا۔ منیر آزردہ خاطر ہو گیا۔ وہ تو فضاؤں کا مسافر تھا جسے زمین پر قید کر دیا گیا تھا ؎

قفس میں ہم تھے گھری یادوں میں بجلی تھی ؛ تڑپ تڑپ کے رہے دونوں آشیاں کے لئے

منیر اپنے ماتحتوں سے التجا کرتا کہ خدارا تم میرا کام سنبھالو اور مجھے فضاؤں میں جانے دو۔ چنانچہ کئی دفعہ ایسا ہوا کہ منیر نے کسی اور افسر کو اپنے کام پر متعین کیا اور خود جہاز لیکر فضاؤں میں کود گیا۔ ۱۱ ستمبر کا دن تھا آج پاک فضائیہ کو ایک اہم کام سرانجام دینا تھا۔ امرتسر کے راڈار اسٹیشن کو تباہ کرنے کا کام۔ منیر بضد تھا کہ اُسے بھی اس خطرناک مشن پر بھیجا جائے۔ چنانچہ ونگ کمانڈر شمیم احمد کی سرکردگی میں ۴ جہازوں کا گروپ اس اہم مشن پر روانہ ہوا۔ جہاز ہدف پر پہنچے سکواڈرن لیڈر منیر کو حملہ کرنے کا حکم ہوا۔ منیر نے غوطہ لگایا مگر بم پھینکے بغیر باہر آ گیا اور ساتھ ہی اپنے ساتھی کو بتایا کہ نشانہ ٹھیک نہیں بیٹھا۔ امرتسر کا راڈار اسٹیشن شہری آبادی میں یوں چھپا ہوا تھا کہ ماہر سے ماہر ہوا باز بھی اس کا کھوج نہ لگا سکتا تھا۔ دوسری مرتبہ بھی یونہی ہوا۔ اگر منیر کو شہری آبادی کی تباہی کا خطرہ نہ ہوتا تو وہ ضرور بم گرا دیتا لیکن وہ تو رحم و الفت کا پیکر تھا بے گناہ شہریوں کو کیسے نشانہ بناتا۔ تیسری مرتبہ منیر نے پھر غوطہ لگایا اور اتنی نیچے چلا گیا کہ اُسکے دوسرے ساتھی حیران رہ گئے اور اسکے ساتھ ہی امرتسر کے راڈار اسٹیشن پر قیامت بپا ہو گئی۔ منیر نے نشانے لیکر راکٹ چھوڑے اور راڈار کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ ابھی منیر غوطہ سے باہر نہ نکلا تھا کہ مخالف سمت سے طیارہ شکن توپوں نے یکدم گولوں کی بوچھاڑ کر دی۔ گولیوں کی ایک باڑ منیر کے سیبر جیٹ طیارے کو پاش پاش کر گئی اور خوش خُلق و زندہ دل اور پاک فضائیہ کا چہیتا ہوا باز ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زندہ جاوید ہو گیا۔ منیر کی اس بے مثال جرأت اور بہادری پر اسے ستارۂ جرأت کا اعزاز دیا گیا۔ اے تعلیم الاسلام کالج کے پُرشکوہ و پُروقار طالبعلم! تجھ پر ساری قوم فخر کرتی ہے۔ ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم تیری یاد کے تمام نقوش ابد تک اپنے سینوں پر سجائے رکھیں گے کہ تُو نے ہمارے سر فخر سے بلند کر دیئے ہیں۔!

۱۹۶۵ء میں منیر جیسے بہادروں اور جانبازوں نے دشمن کے دانت کھٹے کر دیئے تو اس نے اپنی شکست کا بدلہ چکانے کیلئے دسمبر ۱۹۷۱ء میں تمام بین الاقوامی اصولوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پاکستان پر پھر بزدلانہ حملہ کیا۔ اس جنگ میں بھی ہمارے کالج کے سابق طلبہ نے بہادری و جاں نثاری کے بے مثال کارنامے سرانجام دیئے۔

۲۔ نسیم سیفی ـــــ سانولی سی رنگت والا اور دوہرے جسم کا مالک یہ طالبعلم تعلیم الاسلام کالج میں اپنی پُرکشش شخصیت اور میٹھی میٹھی باتوں کی وجہ سے بڑا ہر دلعزیز تھا۔ اپنے زمانے کا بہترین مقرر اور ہونہار طالبعلم، سیفی مشرقی پاکستان کے جیسور کے سیکٹر پر دشمن کے سامنے سینہ سپر تھا۔ اُس کا چہرہ پُرعزم تھا۔ یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے اپنے ازلی و ابدی دشمن کو صفحۂ ہستی سے

مشاکر ہی دم لیگا۔ ۱۵ر دسمبر کو جب سیفی کو علم ہوا کہ ہتھیار ڈالنے جا رہے ہیں تو وہ حیران رہ گیا۔ فوراً ڈھاکہ میں اپنے دوست کیپٹن لطیف سے فون پر رابطہ قائم کیا اور پوچھا "سنا ہے کہ ہتھیار ڈالے جا رہے ہیں" کیپٹن لطیف نے اس خبر کی تصدیق کی تو بڑے جوش سے کہا "لیکن میرا ہتھیار ڈالنے کا کوئی ارادہ نہیں" یہ سیفی کی آخری گفتگو تھی۔ اس کے بعد اب تک اس کے متعلق کسی قسم کا کوئی علم نہیں ہو سکا تھا۔ اب کچھ عرصہ پیشتر سیفی کی خیریت کی اطلاع مل گئی ہے۔ الحمد للہ۔

ایک انسان کی زندگی کا حاصل اور ایک مسلمان کی کشمکش حیات کا آخری ہدف یہ ہے کہ وہ اسلام کی راہ میں پیش آنیوالے تمام مصائب و مشکلات کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے اور اس سلسلے میں کسی قربانی سے بھی دریغ نہ کرے چنانچہ اس سلسلے میں کیپٹن نسیم سیفی نے ۲۵ر نومبر کو مشرقی پاکستان سے اپنے گھر والوں کو جو خط لکھا اس کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

"خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کا رحم قدم قدم پر میرے ساتھ ہے۔ وہ میری خود حفاظت فرما رہا ہے اور مجھ سے کام لے رہا ہے۔ اس کا احساس مجھے پچھلے چند روز سے ہو گیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ ... اللہ تعالیٰ مجھ پر ہر قسم کا فضل کریگا۔ میری ہر مشکل آسان کریگا اور مجھے ہر آزمائش میں ثابت قدم رکھے گا"

نسیم سیفی

یاد رہے کہ نسیم سیفی تعلیم الاسلام کالج یونین کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔

۳۔ کیپٹن خلیل نے ۱۹۶۴ء میں تعلیم الاسلام کالج سے بی۔ اے کا امتحان اعلیٰ نمبروں میں پاس کیا۔ ۱۹۶۶ء میں پاک فوج میں کمیشن ملا اور اس کے بعد اگست ۱۹۷۰ء میں وطن عزیز کے دفاع کے لئے مشرقی پاکستان بھیج دیئے گئے جہاں آپ کو سلہٹ کے مقام پر متعین کیا گیا جہاں سے پھر برہمن باڑیہ (کومیلا سیکٹر) بھیج دیا گیا۔ مارچ ۱۹۷۱ء میں جب فسادات نے زور پکڑ لیا اور مشرقی پاکستان میں خونریز لڑائی شروع ہو گئی اور بنگالی پاکستانی افواج کے غیر بنگالی افسروں کو موت کے گھاٹ اتارنے لگے تو آپ کی کمپنی کے تمام افسر اور جوان شہید ہو گئے مگر خدا تعالیٰ نے معجزانہ اور حیرت انگیز طور پر آپ کو دشمن کی گزند سے محفوظ رکھا۔ میدانِ جنگ سے آپ نے اپنی والدہ کو جو خط لکھا وہ ایک دلیر نڈر اور محبِ وطن مجاہد کے جذبات کی صحیح عکاسی کرتا ہے۔

"میں بالکل خیریت سے ہوں۔ آپ بالکل فکر نہ کریں۔ مومن موت سے نہیں ڈرتا۔ موت تو چارپائی پر بھی آجاتی ہے۔ خدا کے فضل سے ہم نے دشمن کے مکارانہ حملہ کو بُری طرح پسپا کر دیا ہے۔ دشمن کا وہ حال ہوا ہے کہ یاد رکھے گا۔ ابھی تک میدان میں لاشیں بکھری پڑی ہیں"

خلیل احمد

کالج میں تعلیم کے دوران آپ فٹ بال کے بہترین کھلاڑی تھے اور کالج ٹیم کے کپتان بھی تھے۔ اس وقت آپ دشمن کی قید میں ہیں۔

۴۔ تعلیم الاسلام کالج کے ایک اور ہونہار سابق طالبعلم کیپٹن لطیف احمد بھی ملک کے مشرقی حصہ میں دشمن سے برسرِ پیکار تھے آپ کو اپریل ۱۹۷۱ء میں مشرقی پاکستان بھجوایا گیا جہاں آپ بطور ۶۸۰ III مشرقی کمان کے ٹریننگ ہیڈ کوارٹر ڈھاکہ میں متعین ہوئے۔ سقوط ڈھاکہ کے دن یعنی ۱۶ر دسمبر کو آپ بذریعہ ہیلی کاپٹر چند اور ساتھیوں کے ساتھ مشرقی پاکستان سے فرار ہو کر برما پہنچے۔ مشرقی پاکستان سے برما پہنچنے کا واقعہ بھی نہایت دلچسپ ہے۔ جب ڈھاکہ میں ہتھیار ڈالنے کا فیصلہ ہوا تو

(باقی صفحہ ۲۹ پر)

کالج یونین کے تحت

ـ کل پاکستان بین الکلیاتی مباحثات ـ

پروفیسر ڈاکٹر سید سلطان محمود شاهد
(نگران یونین)
اردو مباحثه کے اختتام پر
طلبه سے
خطاب فرما رهے هیں

سامعین همه تن
گوش هیں

طیب عارف
(قائد ایوان انگریزی مباحثه)

عبدالحمید عبدالرحمان
(قائد حزب اختلاف انگریزی مباحثه)

جناب ڈاکٹر اسرارالحق وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی لائل پور اور پروفیسر
محمد علی چوھدری (پرنسپل) یونین کے عہدیداران کے ھمراہ

پروفیسر ڈاکٹر سید سلطان محمود شاھد انگریزی اردو مباحثات میں اول آنے
پر طاھر عارف شعبہ معاشیات پنجاب یونیورسٹی لاھور اور سید طیب محمود
یونیورسٹی لاء کالج لاھور کو گولڈ میڈل دے رھے ھیں -

تھے۔ زباں پر انہیں غیر معمولی قدرت تھی۔ روتوں کو ہنسانا اور ہنستوں کو رُلانا اُن کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔

صبحِ اُمید :۔

لکھنؤ کے ایک خوش مزاق ادیب، پنڈت برج نرائن چکبیت اس کے مدیر تھے۔ نثر بھی اچھی لکھتے تھے اور شعر بھی عمدہ کہتے تھے وسیع النظر تھے۔ اندازِ بیان سنجیدہ اور محققانہ تھا۔ نقدہ تبصرہ کرتے تھے تو تمام موافق و مخالف پہلوؤں کو اُجاگر کر دیتے تھے۔

اُودھ اخبار :۔

ایک زمانے میں پنڈت رتن ناتھ سرشار اس کے ایڈیٹر تھے۔ انہوں نے اِس اخبار میں بہت زیادہ ادبی خوبیاں پیدا کر دی تھیں۔ اُن کا مشہور کارنامہ "فسانۂ آزاد" پہلے پہل اسی اودھ اخبار میں شائع ہوا تھا۔ پھر کافی عرصہ کے بعد کچھ ردّوبدل اور حذف و اضافے کے ساتھ کتابی صورت میں شائع ہوا۔ اِس اخبار کی ادبی حیثیت سرشار کے بعد یکسر ختم ہو گئی۔

مورّخ :۔

یہ ایک تاریخی رسالہ تھا۔ مولانا عبدالحلیم شرر اس کے ایڈیٹر تھے۔ رسالہ اچھا تھا لیکن زیادہ دیر نہیں چلا۔

مخزن :۔

شیخ عبدالقادر کی ادارت میں شائع ہوتا تھا۔ وہی شیخ عبدالقادر جو بعد میں پنجاب کی کونسل کے صدر، پھر پنجاب کے وزیرِ تعلیمات، بعد ازاں لاہور ہائیکورٹ کے جج، پھر لندن میں وزیرِ ہند کے مشیر، آخر میں عارضی طور پر چوہدری سر محمد ظفراللہ خان صاحب کی جگہ وائسرائے کونسل کے ممبر قانون مقرر ہوئے۔ اُردو کا بڑا ستھرا ذوق رکھتے تھے۔ ذاتی دَور کے ہر دَور میں اُردو سے اُن کی شیفتگی برابر قائم رہی۔ مُلک کے چوٹی کے رسالوں میں مخزن کا شمار ہوتا تھا۔ اُس نے ایک نئی طرح قائم کی۔ پاکیزہ، ستھرا اور کارآمد لٹریچر مخزن کا طغرائے امتیاز تھا۔ اس کے لکھنے والوں میں علامہ اقبال، چوہدری خوشی محمد ناظر، مولانا راشد الخیری خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ شیخ عبدالقادر خود بہت کم لکھتے تھے لیکن ترتیبِ مضامین کے فن میں ماہر تھے۔ حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے فرزندِ اکبر حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب بھی اس پرچہ میں مضامین لکھا کرتے تھے۔ خیالی اور نیم تحقیقی مقالات خوب لکھتے تھے۔ طول نویس بھی بہت تھے۔

نقیب :۔

بدایوں سے نکلتا تھا۔ وحید احمد اس کے ایڈیٹر تھے۔ بہت بلند پایہ مضامین اس میں شائع ہوتے تھے

اس کے مضمون نگاروں میں قاضی عبدالغفار اور مہر محفظ علی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اِس پرچے میں سیاسی مضامین بھی شائع ہوتے تھے۔ علی برادران کا یہ "نقیب" تھا۔

معلومات :-

لکھنؤ سے نکلتا تھا۔ حکیم عبدالوالی مرحوم اس کے ایڈیٹر تھے۔ والی مرحوم کا طرزِ فکر و نظر برنارڈ شا سے ملتا جلتا تھا۔ وہی بے باکی و صاف گوئی۔ اِس پرچے کے مضمون نگاروں میں چوہدری محمد علی اپنے دلچسپ طنزیات کے لئے مقبول تھے۔

کہکشاں :-

یہ پرچہ سید امتیاز علی تاج لاہور سے نکالتے تھے۔ ادبی پرچہ تھا۔ علمی اور تحقیقی مقالات بھی اس میں شائع ہوتے تھے۔ پریم چند، راشد الخیری، خواجہ حسن نظامی، سجاد حیدر اور مولانا عبدالمجید سالک جیسے لوگ اس کے مستقل مضمون نگاروں میں تھے +

"رسالہ ساقی پڑھیئے۔ کورے لٹھے پر شائع ہوتا ہے۔ خالص پاپلین کی جلد ہے جسے دیکھ کر آنکھیں چکا چوند ہو جاتی ہیں۔

ساقی بجلوہ دشمنِ ایمان و آگہی

رسالہ ہمایوں ہر یکم تاریخ کو نہایت باقاعدگی سے چھبیس نمبر کی ململ پر شائع ہوتا ہے۔ اِس رسالے نے آج تک کھدر استعمال نہیں کیا۔

دوڑو زمانہ چال قیامت کی چل گیا

رسالہ ادبِ لطیف پڑھیئے۔ ہندوستان کا واحد ترقی پسند ماہنامہ ہمیشہ ہاتھ کا بُنا ہوا دو سُوتی کپڑا استعمال کرتا ہے۔ رسالہ ادبِ لطیف پڑھیئے اور اپنے مُلک کے جولاہوں کی مدد کیجئے۔ مزدور کسان زندہ باد۔"

(کرشن چندر)

تنویر احمد
(اولڈ بوائے)

تحفہ

(افسانہ)

جبین اور جم اپنے کرائے کے چھوٹے سے فلیٹ میں بڑی پُر مسرت ازدواجی زندگی گزار رہے تھے۔ جم معمولی تنخواہ پر ایک فرم میں ملازم تھا۔ مشکل سے گزر بسر ہوتی۔ کیونکہ تنخواہ کا بیشتر حصہ اُس فلیٹ کے کرائے کی نذر ہو جاتا۔ دونوں میاں بیوی میں بے پناہ محبت تھی۔ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر جیتے تھے۔ جبین تھی بھی بڑی خوبصورت۔ جم اُس کی گھٹنوں تک لمبی زلفوں کے سائے میں دفتر سے تھکا ہارا لوٹ کر بڑا سکون محسوس کرتا۔ وہ جب کبھی نہانے کے بعد اپنی لمبی زلفوں کو سکھانے کے لئے اُنہیں کھڑکی سے باہر لٹکا کر کھڑی ہوتی تو ایسا محسوس ہوتا کہ ساون کی کالی گھٹا سے پھوار برس کر کھڑکی کے نیچے اُگے ہوئے پودوں کو نکھار بخش رہی ہو۔ جم کو اِن زلفوں سے بڑا ہی پیار تھا۔ وہ گھنٹوں اِن زلفوں میں انگلیاں پھیر کر گھنگھریالے بالوں کے اُلجھاؤ کو سنوارتا۔ جبین کے پاس بس یہی ایک دولت تھی۔ جم کے پاس ایک پُرانی سنہری رنگ کی گھڑی جو اُسے اپنے آباؤ اجداد سے ورثہ میں ملی تھی اور وہ اِسے بزرگوں کی نشانی سمجھ کر اُس کی بڑی تعظیم کرتا لیکن اس گھڑی میں جین نہیں تھا جس کی بدولت وقت دیکھنے کے لئے اُسے گھڑی کو بار بار جیب سے نکالنا پڑتا اِن دو چیزوں کے علاوہ اُن کے ہاں کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھی۔

ایک روز جم دفتر سے ابھی تک نہ لوٹا تھا۔ جبین اُس روز بڑی پریشان تھی کیونکہ دوسرے روز کرسمس تھا اور اُس کے پاس صرف ایک پاؤنڈ اور چند شلنگ کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ اتنے کم پیسوں سے وہ جم کے لئے کوئی تحفہ نہ خرید سکتی تھی۔ آخر یہ سوچتے سوچتے وہ رو دی اور بڑی حسرت سے آہ بھر کر پیسوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"آخر یہ بڑھ کیوں نہیں جاتے"

وہ انہی پیسوں کو جنہیں وہ پائی پائی کر کے جم کے تحفہ کے لئے جمع کرتی رہی تھی لے کر بازار گئی۔ اچانک اُس کی نظر بالوں کا کاروبار کرنے والی ایک کمپنی کی دوکان پر پڑی۔ وہ ایک دم اس دکان میں داخل ہو گئی اور پھولے ہوئے سانس سے دوکان کی مالکہ سے پوچھا۔

"کیا آپ میرے بال خریدیں گی؟"

اُس عورت نے جبین کے خوبصورت بالوں کا بغور جائزہ لیا اور خریدنے پر تیار ہو گئی۔ جبین نے معاوضے کے بارے میں استفسار کیا تو اُس نے کہا۔

"میں آپ کو بیس پاؤنڈ دے سکتی ہوں"

جبین فوراً رضامند ہو گئی اور بال کٹوانے کے بعد ایک انجانی خوشی سے سرشار بیس پاؤنڈ تھامے کسی جنرل اسٹور کی تلاش

میں نکلی۔ وہ کئی دوکانوں پر گئی مگر اُسے کوئی تحفہ پسند نہ آیا۔ آخر کار ایک دکان پر اُسے گھڑی کا ایک خوبصورت چین نظر آیا۔ اُس نے وہ چین اکیس پونڈ کے عوض خرید لیا۔ اُس چین کی کڑیوں کی کئی رُخی سطح پر جب روشنی کی کوئی کرن پڑتی تو اُس سے لاتعداد روشنی کے فوارے پھوٹ پڑتے جو ایک چاہنے والے کی اپنے محبوب سے محبت کی عکاسی کرتے۔

وہ یہ تحفہ لے کر دوڑی دوڑی گھر پہنچی اور اسے چھپا کر ایک کھڑکی کے ٹوٹے ہوئے شیشے میں اپنی صورت دیکھی۔ اور یہ دیکھ کر بے حد خوش ہوئی کہ وہ پہلے سے بھی کچھ زیادہ حسین نظر آ رہی ہے، اگرچہ حقیقتِ حال اس کے برعکس تھی اور یہ سوچ کر کہ جم بھی اُس کے اِس انداز کو ضرور پسند کرے گا خوشی خوشی باورچی خانے میں جا کر کھانا تیار کرنے لگی۔ لیکن آج اُسے کھانا تیار کرنے میں کچھ دیر ہوگئی اور جم کھانا تیار ہونے سے پہلے ہی دفتر سے لوٹ آیا اور بغل میں ایک پیکٹ دبائے کمرے میں داخل ہوا۔ اُس کے قدموں کی آہٹ سُن کر جلدی سے جین باورچی خانے سے نکلی اور آتے ہی بولی۔

"جم! میں نے اپنے بال کٹوا دیئے ہیں اب میں اچھی لگتی ہوں نا؟ اور ہاں تمہارے لئے بہت خوبصورت اور پیارا تحفہ لائی ہوں۔ دیکھو گے تو پسند آئے گا۔"

یہ سُنتے ہی جیسے جم پر بجلی گر پڑی۔ ایک دم بوکھلا گیا اور بولا۔

"تم نے بال کٹوا دیئے، جین تم نے یہ کیا کیا؟"

جین اُس کی پریشانی بھانپتے ہوئے بولی۔

"جم میرے پیارے جم! تم فکر نہ کرو میرے بال بہت جلد بڑھتے ہیں یہ چند ہی ماہ میں پھر لمبے ہو جائیں گے۔ ہاں تو میں دکھاؤں تمہیں اپنا تحفہ۔ بہت پیارا ہے، اِسے دیکھو گے تو بہت خوش ہو گے۔"

اور وہ بھاگ کر الماری سے گھڑی کا چین اُٹھا لائی اور جم کو تھما دیا۔ جم نے ایک لمبی آہ بھری اور قریب کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولا۔

"میں بھی تمہارے لئے ایک تحفہ لایا ہوں" اور پیکٹ اپنی بغل سے نکال کر میز پر رکھ دیا۔ جین نے اُسے جلدی سے اُٹھا کر کھولنا شروع کر دیا اور پیکٹ کھلنے پر دو کنگھیاں، کچھ بالوں کے پن اور چند رنگ برنگے بالوں کے ربن نکلے۔ انہیں دیکھتے ہی جین مضطرب ہو گئی اور اپنی پریشانی چھپاتے ہوئے بولی۔

"اُف کتنا پیارا تحفہ ہے لیکن ..... لیکن؟"

پھر کچھ سوچتے ہوئے کہنے لگی۔ "لیکن جم یہ تحفہ تم نے خریدا کیسے؟"

جم دُکھ بھری آواز میں بولا "میں نے وہ گھڑی بیچ دی جین!"

(او ہنری کے انگریزی افسانے سے ماخوذ)

سید اعجاز الحسن گیلانی
سال چہارم، علوم

افسانہ

"زود پشیماں"

پولیس انسپکٹر آفس ٹیبل پر کہنیاں جمائے ہاتھوں کے پیالے میں سر رکھے عالمِ فکر میں مستغرق بیٹھا تھا۔ پیشانی پر گہری شکنیں اس کی پریشانی کی غماز تھیں۔ آنکھیں فائل پر مرکوز تھیں۔ سوچوں کا محور اغوا کا ایک مقدمہ تھا جو مفید ہوتا ہوا سراس کے تجربے کا شاہد تھا۔ اپنی زندگی میں اُس نے کتنے معاملات چوری، ڈاکہ زنی، اغوا اور قتل کے نپٹائے تھے مگر اس دفعہ حالات اُسے شکست دینے پر پوری طرح آمادہ نظر آتے تھے۔ تصور ندیم، ملک کے نامور مصور کی بیوی کو گم ہوئے دو ماہ سے زیادہ عرصہ ہو چکا تھا مگر اس کا سُراغ نہیں مل رہا تھا۔ خدا جانے اُسے آسمان نے اُچک لیا یا زمین نگل گئی۔ سلسلۂ تفتیش کی جس کڑی پر ہاتھ ڈالا جاتا وہی موٹے آتش دیدہ کی طرح کیس سے علیحدہ ہو جاتی۔ انسپکٹر کے لئے زیادہ پریشانی کی بات یہ تھی کہ گورنر خود کیس میں دلچسپی لے رہے تھے۔ یہ انہی کے دباؤ کا اثر تھا کہ صوبے بھر کی پولیس شکاری کتوں کی طرح مصروفِ جستجو تھی۔ وہ کونسا طریقہ تھا جو آزمایا نہ گیا ہو، وہ کونسا حربہ تھا جو بروئے کار نہ لایا گیا ہو۔ مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات۔

ابھی انسپکٹر اپنی سوچوں میں گم تھا کہ فون کی گھنٹی بجی۔ گورنر صاحب بول رہے تھے۔

"کوئی بات بنی اسلم میاں؟"

"نن۔ نہیں جناب! ابھی تک تو کچھ بھی معلوم نہیں ہوا۔ یوں تو ہم پوری سرگرمی سے مصروفِ عمل ہیں ——"

"ابھی کہاں تک پہنچے ہو؟"

"جہاں سے چلے تھے جناب ..... کیا کریں کچھ سمجھ میں نہیں آرہا۔ ویسے سرحدی علاقے کی چھان بین کے لئے وہاں کی پولیس کو مطلع کر دیا گیا ہے۔"

"اچھا خدا حافظ"

"خدا حافظ"

رسیور کو تپائی پر رکھ کر انسپکٹر نے گردن کرسی کی پشت پر ٹیک دی۔ آنکھیں خود بخود بند ہو گئیں۔

"اسلم صاحب! میں قاتل ہوں۔ میں نے اپنی بیوی کو قتل کیا ہے۔ میں قاتل ہوں۔"

انسپکٹر نے یوں بڑبڑا کر آنکھیں کھولیں جیسے کسی بھیانک خواب سے بیدار ہوا ہو۔ تصور ندیم سامنے کھڑا تھا۔ بے یقینی سے آنکھیں ملتا ہوا بولا۔ "بیٹھئے تصور صاحب!"

"نہیں نہیں مَیں قاتل ہوں، مَیں مجرم ہوں۔ ایک مجرم کرسی پر نہیں بیٹھ سکتا۔" تصور زمین پر بیٹھتے ہوئے بولا۔

"تصور صاحب اُٹھیے، آپ کے ذہن پر بیگم کی جُدائی کا اثر ہو گیا ہے۔ مَیں ابھی کافی منگواتا ہوں، پی لیجیے۔ ذہن کو سکون مل جائے گا۔"

"مَیں ٹھیک ہوں، بالکل ٹھیک ہوں۔ مجھے کوئی مرض نہیں ہے۔ I have muldered my wife. I am Katal," تصور نے ہذیانی انداز میں کہا۔

"اچھا چلیے سُنائیے آپ نے اپنی بیوی کو کیسے قتل کیا؟" انسپکٹر نے سوچا شاید غبار آلودہ ذہن یوں ٹھیک ہو جائے۔

"پچھلے دنوں لندن میں تصاویر کی نمائش ہوئی" تصور نے وہیں زمین پر بیٹھے ہوئے کہنا شروع کیا۔ "مَیں بھی اس مقابلے میں شرکت کے لئے تصویر بنانے لگا۔ ایک دن جبکہ تصویر تکمیل کے آخری مراحل میں تھی مَیں اپنے سٹوڈیو میں کام کر رہا تھا وہ بھی میرے پاس ہی بیٹھی ہوئی تھی کہ اچانک چھت سے ایک چھپکلی اس کے قریب گری۔ وہ خوف سے اچھلی تو میرے ساتھ ٹکرائی اور برش میرے ہاتھ سے چھوٹ کر تصویر پر سیاہ داغ بناتا ہوا زمین پر جا گرا۔ اپنی اتنی محنت سے بنائی ہوئی تصویر کا یہ حشر دیکھ کر مجھ پر غصّے کی کیفیت طاری ہو گئی۔ مَیں نے اپنی بیوی پر لاتوں، گھونسوں اور تھپڑوں کی بارش برسا دی۔ جب اس پر بھی تسلی نہ ہوئی تو مَیں نے اُسے زمین پر گرا دیا اور اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا۔ اور پھر جب مجھے ہوش آیا تو مَیں اپنی ایک ادنیٰ سی تصویر کے بدلے قدرت کا ایک عظیم شاہکار تباہ کر چکا تھا۔ اس کے بعد جوں توں کر کے مَیں نے تصویر مکمل کی اور بھیج دی۔ آج ہی مجھے انتظامیہ کا خط ملا کہ میری تصویر کو پہلا انعام دیا گیا اور اس دھبّے کو خاص طور پر سراہا گیا۔"

یہ کہتے کہتے ندیم کی ہچکی بندھ گئی۔

ملک کا ایک مقبول اداکار اپنی بیکاری اور مفلسی کی وجہ سے ایک تیسرے درجے کے ہوٹل میں کھانا کھانے چلا گیا ——— اُس نے دیکھا کہ ہوٹل کے بیروں میں اُس کا ایک ساتھی اداکار بھی شامل ہے۔

"اخاہ! تم اِس ہوٹل میں بیرے کا کام کر رہے ہو؟"

"تم! بھئی حد ہو گئی" وہ تعجب سے بولا۔

"ہاں مگر مَیں اِس ذلیل ہوٹل میں کھانا نہیں کھاتا" بیرے نے تن کر جواب دیا ———

(عبدالرحیم طلاق سال اوّل (علوم)



اُٹھ کے اُن کی بزم سے دانش جو گھر آتا ہوں مَیں
ہر نفس میں اُن کی خوشبو کی لپٹ پاتا ہوں مَیں

جانے کیا عالم ہے کس رَو میں بہا جاتا ہوں مَیں
اُن کے ہر منشاء کو اپنا مُدّعا پاتا ہوں مَیں

پتّی پتّی محوِ سرگوشی ہے، آپس میں سہی،
ذرّے ذرّے میں تبسّم کی ادا پاتا ہوں مَیں

جانے کس شہرِ فسوں آگیں میں لے آیا جنوں
جتنا رستہ پوچھتا ہوں گم ہُوا جاتا ہوں مَیں

خوفِ رسوائی سے جو گلیاں تھیں اُن کا انتخاب،
اب اُنھیں گلیوں میں تنہا ٹھوکریں کھاتا ہوں مَیں

کھینچتی ہے شام جب سورج کے سینے سے لہو،
خود کو اِک نیلے دھوئیں کے سائے میں پاتا ہوں مَیں

اِس مشینی شہر میں درکار ہیں پتّھر کے جسم
کارخانوں کے دھوئیں میں حل ہُوا جاتا ہوں مَیں

میری نظروں میں شہنشاہوں کی دہلیزیں نہیں
ایک ہی آقا کے در پر ہاتھ پھیلاتا ہوں مَیں

گاہے گاہے اُس کی رحمت پر جو کرتا ہوں نظر
شرمِ عصیاں سے پسینے میں نہا جاتا ہوں مَیں

باوجود اِس کے کہ اُن سے روشناسی بھی نہیں،
ذکر جب چھڑتا ہے اُن کا سامنے آتا ہوں مَیں

روک دے جو بڑھ کے اقرارِ خدا کے راستے
توبہ توبہ اُس خود آگاہی سے گھبراتا ہوں مَیں
زندگی نکلی تھی جانے کس گھڑی بہرِ سفر؟
کوئی بھی رستہ چلوں سُوئے عدم جاتا ہوں مَیں

اِک زمانے سے اِسی پستی میں ہوں خوار و زبوں،
اِک تماشا ہے، ابھی تک غیر کہلاتا ہوں مَیں
جب ستارے اوڑھنے لگتے ہیں مخواب سحر،
رُوح میں اِک چاندنی کی سی دھنک پاتا ہوں مَیں

مَیں نشیبوں سے چلا ہوں لے کے محنت کا نشاں!
ہر بلندی پر اسی پرچم کو لہراتا ہوں مَیں
جو سفر طے کر چکے ہیں اے صبا کہنا اُنھیں
چند دن کی بات ہی کیا ہے ابھی آتا ہوں مَیں!!

ڈر رہا ہوں خودکشی کر لے نہ ذوقِ جستجو،
منزلیں ہی منزلیں ہیں جس طرف جاتا ہوں مَیں
سیکڑوں رنگوں کی قوسیں گھیر لیتی ہیں مجھے
اُن کے پیکر کو تصوّر میں جو لے آتا ہوں مَیں

مختلف خونیں تصادم دہر تک چلتے ہیں ساتھ
جب سڑک پر آئینے ٹوٹے ہوئے پاتا ہوں مَیں
میرے گنبد میں نہ پہلے تھا نہ اب کچھ ہے مگر
ہر صدا کو سَو اِضافے کر کے لوٹاتا ہوں مَیں

اب ہے راتوں کو تصوّر میں اُنھیں کا آستاں
اِک فصیلِ نور تک آتا ہوں مَیں جاتا ہوں مَیں
سامنے دُنیا کے ہیں دانش مرے فکر و عمل
اپنی چادر کے مطابق پاؤں پھیلاتا ہوں مَیں

○

احسان دانش

تعیم الاسلام کالج یونین
کی افتتاحی تقریب کے
موقع پر جناب ڈاکٹر
اسرار الحق وائس چانسلر
زرعی یونیورسٹی لائلپور
طلبہ سے خطاب فرما رہے
ہیں۔ اور جناب بشیر طارق
صدر یونین کرسی صدارت
پر رونق افروز ہیں

کالج یونین اور ہوسٹل کی
جانب سے جناب اے - سی
صاحب چنیوٹ کو فوجی
محاذ پر [illegible] کے لئے [illegible] کے
یکصد پارسل دئیے گئے -

جناب محمد علی چوہدری ایم - اے (پرنسپل)
فضل عمر ہوسٹل کی سالانہ ان ڈور گیمز کے افتتاح
کے موقع پر خطاب فرما رہے ہیں -

بشیر طارق

صدر یونین



عبدالکریم خالد

مدیر اعلی المنار

تعلیم الاسلام کالج یونین نے فوجی بھائیوں کے لئے تحائف اکھٹے کئے
اراکین یونین پرنسپل جناب پروفیسر محمد علی چوھدری کے ھمراہ



احمد ریاض تھابل

سیکرٹری کامن روم

ضیاءالرحمن امجد

صدر ھوسٹل فورم

عابد ریاض ملک

چیف پریفیکٹ ھوسٹل

جناب سجاد باقر رضوی

○

شعلہ سا کوئی برقِ نظر سے نہیں اُٹھتا
اب کوئی دھواں دل کے نگر سے نہیں اُٹھتا

وہ رونقِ کاشانۂ دل بجھ سی گئی ہے
اب شور کوئی اِس بھرے گھر سے نہیں اُٹھتا

لبّیک کہے ناقۂ لیلےٰ کو بھلا کون ؟
اب قیس کوئی گردِ سفر سے نہیں اُٹھتا

تبدیل ہوئی آب و ہوا شہرِ وفا کی
اب درد کا طوفان اِدھر سے نہیں اُٹھتا

یوں راہِ طلب دیتی ہے آواز ہمیں بھی
اب پاؤں کسی بات کے ڈر سے نہیں اُٹھتا

دیوانے کو نیند آگئی تاریکیٔ شب میں
سویا ہے تو اب خوفِ سحر سے نہیں اُٹھتا

یارو اسے دیکھو کہیں باقرؔ تو نہیں
پہروں جو کسی راہگزر سے نہیں اُٹھتا

ثاقب زیدی

عزمِ نو

قدم قدم پہ بڑی کلفتوں سے اُلجھے ہیں
رہِ حیات میں ہم پتھروں سے اُلجھے ہیں

تیرے دیار میں اکثر اے قائدِ اعظم
ہم حُسنِ وفا کے صلوں سے اُلجھے ہیں

لباسِ گُل پہ بھی دیکھی خراش کانٹوں کی
چمن میں رہ کے بھی ہم نکہتوں سے اُلجھے ہیں

نہ حادثات سے تھے نہ ہم حادثوں کے بانی تھے
کس خطا پہ نئے حادثوں سے اُلجھے ہیں

ترے وطن کو بنائیں گے ہم تیرا مقصود
طویل عمر انہی ولولوں سے اُلجھے ہیں

شعورِ جادہ سے خالی نہیں ہیں اہلِ سفر
سفر پسند کئی منزلوں سے اُلجھے ہیں

ہمارے ساتھ ہے تائیدِ ایزدی ثاقب
اسی بھروسے پہ ہم دشمنوں سے اُلجھے ہیں

پروفیسر ڈاکٹر پرویز پروازی
(صدر شعبۂ اُردو۔)

جو شمع ہم نے جلائی جلا سکا نہ کوئی

خدا کا نور ہیں ہم کو بجھا سکا نہ کوئی
وہ نقش ہیں جسے اب تک مٹا سکا نہ کوئی

اُٹھے تھے قیصر و کسریٰ ہمیں مٹانے کو
مٹے خود ایسے کہ اُن کو بچا سکا نہ کوئی

رُکیں تو کوہِ گراں ہیں، بڑھیں تو سیلِ رواں
ہماری راہ میں اب تک تو آسکا نہ کوئی

دیا ہے ہم نے زمانے کو نُورِ بطحا کا
جو شمع ہم نے جلائی جلا سکا نہ کوئی

ہمارے دل میں محمدؐ، نگاہ میں اللہ
سوائے اُن کے نظر میں سما سکا نہ کوئی

یہ قوم موت کی آغوش میں پنپتی ہے
نڈر وہ ہے اِسے اب تک ڈرا سکا نہ کوئی

لبوں پہ نَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه
سبق جو ہم نے سُنایا سُنا سکا نہ کوئی

خدا، خدا ہے وہ قادر بھی ہے توانا بھی
جو اُس کے ہو گئے اُن کو جھکا سکا نہ کوئی

شبّیر شاہد

معرضِ اظہار

تمہیں ناز ہے آئینوں پر
تو آؤ
ذرا اس سمندر کی گہرائیاں منعکس کر کے دیکھو
ہمیں وہ دکھاؤ
کہ جو منظروں میں نہیں، اور موجود بھی ہے

تمہاری طلب دائروں کی حقیقت سے واقف نہیں
کبھی اپنی چادر سے باہر بھی پاؤں پسارو
تو تم پر کھُلیں

وہ جہانِ معانی، وہ پہنائیاں اور وہ دائرے
کہ یہ شش جہت جن میں نقطوں کی صورت ہیں گرداں

مگر تم کو فرصت کہاں آئینہ سازیوں سے
کہ تم اپنے لفظوں کی پرکار سے ہر خلاء ناپتے ہو!

خالد آفاقی

ڈھونڈنے نکلے تو تھے شہروں میں ویرانوں میں بھی
کیسے ملتا جو نہ تھا گزرے ہوئے لمحوں میں بھی

ہاں! خریداری کا ہے کس کو سلیقہ اِن دنوں
بیچنے والے بہت بیٹھے ہیں بازاروں میں بھی

جس کی خاطر سینکڑوں اوراقِ گُل نوچے گئے
پڑھ لیا وہ راز مَیں نے زرد رُو پتّوں میں بھی

صرف مجھ پر کیوں تری چاہت کا الزام آئے گا
پیار کا انداز تھا جب کہ تری باتوں میں بھی

گر گئی ہیں میری بوسیدہ چھتیں خالدؔ تو کیا؟
زلزلہ آیا ہے اُس کے گھر کی دیواروں میں بھی

عبدالرشید شاہد
(اولڈ بوائے)

ہمّت کا شناور

کیا غم ہے جو طوفاں کے بھنور میں ہے سفینہ
آتا ہے توکّل پہ خدا کے ہمیں جینا

اس ملک کی افواج کا ہر فرد جری ہے
ہمّت کا شناور تو صداقت کا نگینہ

یہ ملک ہے اسلام کی عظمت کا نگہبان
ایمان کی دولت کا سراسر ہے خزینہ

خوش رنگ گلستاں میں نظر آتی ہے جو شبنم
ملّت کے جوانوں کا ہے خون اور پسینہ

غیروں کے سہارے سے بھرم ہند کا قائم
لڑنے کا سلیقہ ہے نہ جینے کا قرینہ

شاہد رہو ہوشیار زمانے سے یہ کہہ دو
بے دین، بے ایمان یہ دشمن ہے کمینہ

عاصم صحرائی

غزل

رات بھر لرزاں تھا پلکوں پہ ستارا کس لئے
میری آنکھوں میں اُمڈ آیا تھا دریا کس لئے

شام ہوتے ہی مقفّل ہو گئے تھے سارے لوگ
رات بھر رقصاں رہا گلیوں میں سایہ کس لئے

جس کو میری بات کا ہر لفظ کھٹکا تھا کبھی
میری باتوں پہ یقیں اب اس کو آیا کس لئے

میں تو اک مدت سے اپنی ذات میں روپوش تھا
ڈھونڈنے والو، بتاؤ، تم نے ڈھونڈا کس لئے

جھرجھری سی اک بدن میں آ گئی یہ سوچ کر
اپنا کتبہ اپنے ہاتھوں میں نے لکھا کس لئے

وہ جو اوروں کا تماشا دیکھنے نکلے تھے آج
بن گئے اپنی نظر میں خود تماشا کس لئے

جس نے عاصم اپنے گھر سے کل نکالا تھا مجھے
آج آخر میرے گھر میں خود وہ آیا کس لئے

پارہ ہائے جگر!

(ذیل کا کالم مبتدی شعراء کی حوصلہ افزائی کے لئے شروع کیا جارہا ہے ـــــ مدیر اعلیٰ)

عنواں نے جسے ٹھکرایا ہے وہ درد بھرا افسانہ ہوں
جو شمع سسکتی رہتی ہے اُس شمع کا پروانہ ہوں

ساقی کی عنایت عام سہی مخمور ہیں پینے والے بھی
جو گریاں ہے وہ شیشہ ہوں جو ٹوٹ گیا پیمانہ ہوں

اِس دُنیا کے دوراہے پر مجبور بھی ہوں بے چین بھی ہوں
غیروں نے حقارت سے دیکھا، اپنوں کے لئے بیگانہ ہوں

(لئیق احمد عابد سال چہارم)

حیرت سے مجھے تکتی ہوئی گلیاں ہیں سنسان
تپتے ہوئے اِس شہر کا ہر گوشہ ہے ویران

سناٹا ہے چھایا ہوا گھمبیر فضا میں
یہ راہ میں بکھرے ہوئے پتھر ہیں کہ انسان

یہ کون دریچہ سے ابھی جھانک گیا ہے
اِک سمت کھڑا سوچ رہا ہوں میں پریشان

اِس شہرِ خموشاں میں کہاں جاؤں اکیلا
راہبر بھی کوئی ساتھ نہیں لوگ بھی انجان

(جلیل الرحمٰن سال دوم، علوم)

بھول صحرا میں بھی آمد سے کھلا دیتے ہیں آپ
اور گلشن کو بھی ویرانہ بنا دیتے ہیں آپ
ہم تو دیکھا چاہتے ہیں آپ کا حُسنِ بیاں
بات کچھ تو کیجئے کیوں سر جُھکا لیتے ہیں آپ

(انوار احمد سال دوم، فنون)

کس کو بتلائیں کہ اِس درد میں کیا رکھا ہے
ایک شعلہ ہے جو سینے میں چھپا رکھا ہے
میرے افکار پہ پہرہ ہے زمانے کا ہنوز
میری آواز کو دُنیا نے دبا رکھا ہے
اپنے احوال کا اظہار ہے مقصود نصیر
ورنہ الفاظ کی تکرار میں کیا رکھا ہے

(نصیر احمد سال دوم علوم)

آہ! کیا گزری چمن پر سر بسر جاتا رہا
آشیاں باندھا تھا جس پر وہ شجر جاتا رہا
رائیگاں نالے گئے اور نارسا آہیں رہیں
نور تھا جو زندگی میں وہ قمر جاتا رہا

(ادریس قمر سال اوّل، علوم)

بقلم الاستاذ محمد عثمان الصديقى

تفسير آية من القرآن

(ألبحث فى النسخ)

ما ننسخ من آيــة أو ننسها نـأت بخير منهـا أو مثلها ألم تعلم أن الله على كل شيئ قدير .

(مــا) مهمــا أو أيمــا (ننسخ) نبــدل أو نعطل الحكم (من آيــة)

أى حكم من الأحكام أو شريعـة من الشرائع المراد بالنسح نسخ الشرائع قبل القرآن فالله نسخها لأنها كانت مختصة بالأقوام والازمان فــأ فادت ما أفادت فى أزمنتها ثم تعطلت جزءاً أو كلا بمقتضى الحال فوقعت الحاجــة إلى أحكام أفضل و أجمع مما فى الكتب السابقة فلهذا نسخت تلك الشرائع بالقرآن والنسخ هو إزالة حكم سابق بحكم لا حق والأول منسوخ والثانى نـاسخ و ينسخ لمصلحة فكيفما كانت الضرورة والمصلحة كان الحكم كذلك ، فليتضح ذاك الأمر أنه ليس المراد به النسخ فى آيات القرآن كما سبق لأن القرآن كله و آياتــه حتى كلماته والفاظه وحروفه محفوظــة مصونة من النسخ والتبديل فمن أراد بــه النسخ فى القرآن فقد جــاء بغلط فاحش ، كيف والقرآن يرد النسخ فيـه ردا صريحاً قال الله تعالى فى شأنه ''إنا نحن نزلنا الذكر و إنا له لحافظون،، ثم قال و انه كتاب عزيز لا يأتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه وأيضاً قال ''فى صحف مكرمة مرفوعة مطهرة بأيدى سفرة كرام برررة،، وهناك آيات اخرى فى رد النسخ فى القرآن فأنى يمكن النسخ فى الفرقان المبين المهيمن على ما قبله من الصحائف ـ

وإنما أريد به النسخ فى القرآن غلطاً لأنه ورد فيه بعض آياته التى لا تطابق بين اثنتين منها ظاهراً و أما باطناً فبينهما التطابق تــاماً ولعدم امعان النظر والتفكر العميق فى معانى الآيات المتشابهة قالوا بالنسخ فيها والعياذ بالله ـ

ثم نرجع إلى مقصدنــا و نقول إنه نسخ لكل شريعة أو كتاب قبل القرآن كالتوراة والإنجيل و قد أشير فى القرآن إلى الخيانــة فيهما على أيدى تــابعيهما فلما حرفوهمــا أنفسهم و نبذوهمــا وراء ظهورهم وجعلوهما كالمنسوخ والمنسى فــالله

نسخهما رأساً و أزال حكمهما و عوض بهما القرآن الناسخ لهما فهذا هو مفهوم الآية (أو ننسها) أى الآية نمحوها من أذهان الناس و أسند الفعل إلى الله تعالى لأنه العلة الفاعلة فى كل شئ وإنما أهل الكتاب نسوا الآيات والأحكام و وقع الانساء بتحريف العلماء فى الكتابين و نسوا مـا نسوا لأغراضهم الدنيوية و كتموهـا و لبسوا الحق بـالباطل و هكـذا إشتبه الوحى بكلام الناس ، (نأت بخير منها) هذا فى صورة النسخ فانظر إلى القرآن بالنسبـة إلى التوراة والانجيل هو خير و افضل منهما و من كل سفر فى كل أمرو حكم(أو مثلها) و فى صورة الانساء نرى ان الله ، الحكيم قد اتى فىالقرآن ببعض الآيات والأحكام مثل بعض كانت فى الكتابين قبله و كان متبعوهـا نسوهـا لأجل أمانيهم فأتى فى القرآن بخير منهما و فى بعض الأحكام بمثلها معاً و هكذا أوتوا الكتابين من جديد فى صورة القرآن أحسن و أمثل منهمـا و بنسخ القرآن التوراة و الانجيل كسر الله زعم أهل الكتاب و هو كمـا قالوا إن لديهم التوراة و الانجيل فيهما حكم الله فكيف يدعونهما و يتبعون القرآن كما يدعون إليه ففى الآيـة جواب لهم أن الكتـابين كانا هـدى لاهل الكتـاب دون من سواهم فى عهـدهم وعصرهم لا إلى يوم القيامـة ولما انقضى عهد الكتـابين جاء الله بالكتـاب الموعود المصدق لما بين يديـه وهو أفضل من كتـابيهم فهذا هوالسبب الموجب أن يؤمنو بـه ويتركوا ما دونـه (ألم تعلم) أيها الفطن اللبيب (أن الله على كل شئى قدير) وفعال لمـا يريد بحكمته و السر فى استعماله صفة قدير ألدلالة على أن نسخ الاحكام و الشرائع عـلىالله يسير فهو الشـارع المقنن يرى مصالح قـوم فيـؤتيهم حكماً ثـم يرى مصلحـة اخرى فيبـدل الحكم الأول فلوأنه آتى بقـدرتـه و مشيئتـه أهل الكتـاب شريعـة جرت لهم احقـاباً فهو يقـدر على أن ينسخـه إذا القوم أنفسهم قدحرفوه و بدلوه و أضافوا فيـه غيره و أخرجو منه أصلـه فافهم و تدبره ونعم ما قيل فى فضيلـة القرآن :

فيـــه الفضائل كلها قـــد حاز
و النسخ فى القرآن ما قد جاز
لا ريب فيه هو الصراط سويا
من تبعـــه بيقينه قـــد فـــاز

ايوب اقبال احمد
الدرجة الثالثة (فنون)

الانسان و الكون

اذا نظر احد الى هذا الكون تفكر و سئل عنه مـــا هو ؟ لماذا و لمن كان خلق ؟ الشمس والقمر والريح والنجوم والبهائم لماذا جعلوا ؟ وايضا يسئل احدنـــا ما الانسان ؟ و لما ذا خلق ؟ و مـــا اهميته فى الكون و ما مكانـــه ؟ من هو خالق الكون والانسان .

فجواب هذه الاسئلة أن هذا الكون مجموع من الخلائق العديدة الكثيرة و يدل الكون على الخالق و يقتضيـــه لأنـــه لا فعل بدون الفاعل ولا مخلوق بغير الخالق فخالق هذا الكون و الخلائق من هو ؟ نحن المسلمون نؤمن . . . . ان الله خالقه و مبدعه و مكونه ـ ان الله خالق و مالك هذا الكون و إله العوالم جميعها .

و متى ينظر الأنسان الى الكون و يتفكر فى خلقـــه يعلم ان خالق الكون موجود فى ذاتـــه كما قـــال الله فى القرآن ''ان فى خلق السموات والارض واختلاف اليل والنهار لآيات لاولى الباب،، ـ ان هذا الكون يهدى الى الخالق الذى هو خالق و مالك و اله كل الخلائق ـ

الانسان مخلوق ايضاً لكن الانسان اشرف الخلائق كما قيل فى نبينا محمدن المصطفى والمرتضى صلوات الله و سلامه عليه ''لولاك لما خلقت الافلاك،، اى كل شيئ تنظر اليـــه كان خلق لمحمد صلى الله عليه وسلم و كان محمد بشراً فلذالك كان الورى خلقت للانسان لخدمتـــه كما نصه القرآن ''سخرلكم ما فى السموات والارض،، ان الله قد سخر القمر والسماء والنجوم والريـــاح والبهائم والمياه للانسان والانسان يستخدمها و يستفيد بها .

غاية خلق الانسان العبادة والطاعة كما يقول الله فى القرآن ''و ما خلقت

الجن و الانس الاليعبـــدون ،، ان الله خالق الورى و رب الخلائق و خلق الانسان باحسن خلق و شرفه و فضله على كل مخلوق سواه ـ و يسرله متاعاً لحياته ظاهراً و باطناً ان الارض تنبت القثاء و البقل والعدس والفوم و الاثمار جعلها الله لبقاء جسم الانسان و يقـول الله انـــه ينزل المـــاء و يخرج الرزق للانســـان كمـا قـال ''و انـزل من السماء ماء فاخرج به من الثمرات رزقاً لكم،، (القرآن) .

و لحياة روحه يرسل الله المرسلين بهداية و شريعة ـ و اذا الظلمة والضلالة تنتشر فى الارض يرسل الله الانبياء باالنور كان الرسل يرسلون فى زمن قديم إلى قوم خاص و كانت شريعتهم لذالك القوم ولذالك الزمن خاصة و اذا أتقن عقل الانسان فى كماله ارسل الله شريعة كاملة للعالمين كما قال ''اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتى،، (القرآن المجيد) .

و انزل الشريعة على نبى كامل اى على محمد صلى الله عليه وسلم الذى هو رحمة للعالمين و بعث الى كل قوم و امة الى يوم القيمة كما قال الله ''و ما ارسلنك الا رحمة للعالمين،، . (القرآن)

رسولنا كامل و شريعته كاملة و هذه الشريعـــة اى القرآن يهدى الناس الى الخـــالق و يقربهم الى ربهم و لا يزال ينور قلوبهم بنور السمـــاء الى يوم القيمـــة ''ان هذا القرآن يهدى للتى هى اقوم،، (القرآن)

ان الانسان يعيش فى الدنيا كالغريب ـ ان الدنيا مزرعة الاخرة ان الحياة حقيقة فهى حياة الآخرة ما تعمل من عمل فى الدنيـــا نجده مكتوبـــاً عند ربنا يوم القيمة من آمن بالله وعمل عملا صالحا فقد فاذا فوزاً عظيماً كما قال الله ''وبشر الذين آمنوا و عملوا الصحت ان لهم جنت تجرى من تحتها الانهر،، (القرآن) ومن كفرفقد خسر الدنيا والآخرة ''والذين كفروا و كذبوا بايتنا اولئك اصحب النار هم فيها خلدون (القرآن) .

ان العبادة لازمة لحياة الروح والعبادة طاعة الخالق فى كل امر ـ العبادة على قسمين ـ حقوق الله و حقوق العباد و ارجو سأكتب فى ذالك عن قريب انشاء الله و بالله توفيقى .

رئيس التحرير : عبدالكريم خاله ـ طابع وناشر : جنيدهاشمى ـ طبع بمطبعة النصرة بربوة باكستان

AL-MANAR



Talim-ul-Islam College
Rabwah

Oct., 1971 to June 1972

AL-MANAR

Talim-ul-Islam College, Rabwah

OCT., 1971 TO JUNE 1971

Patron :
Professor Mohammad Ali Chaudhry M.A.

Professor-in-Charge :
Mirza Khurshid Ahmad M.A.

Editor-in-Chief :
A. H. Abdool Rahman

Editor :
Syed Jalil Ahmad

NUSRAT ART PRESS RABWAH

CONTENTS

1. From the Editor Desk ... 1

2. The Impact of Sports ... 4

3. Propaganda ... 5
Khalid Ahmad Ata F.Sc. II

4. Introducing Mauritius ... 8
M. Khedaran F.Sc. I

5. To My Love ... 14
Ahmad Riaz Thabal B.A. I

6. Our Duties Today ... 15
S. J. B.Sc. I

7. Tahdith-i-Nimat—A Review ... 17
Professor Qazi Mohammad Aslam

8. To the Past : Quo Vadis ... 22
Waseem Ahmad Khan (Old Boy)

9. Law, Society and the Individual ... 24
Ch. Muhammad Zafrullah Khan

10. Miracles or What ? ... 34
Khawaja Atta-ur-Rahman F.Sc. II

11. The impression of most Pakistani Youth about Africa and the Africans ... 36
M. S. Gassama B. Sc. I

Printed at the Nusrat Art Press, Rabwah, and published by A.R. Junaid Hashmi for T.I. College, Rabwah, Pakistan.

Habibulla Tariq

First Prize from Islamia College Narowal

First Prize from Muncipal College Sanglahill

Third Prize from Guru Nanak Memorial College Nankana Sahib.

English Debate

Trophy from Muray College Sialkot.

Second Prize : M. Sarwar Shah.

Consolation Prize : Atteeq Ahmad.

Mushaira

Trophy from Muncipal Degree College Bhalwal.

First Prize : Abdul Karim Khalid

Third Prize : Laeeq Ahmad Abid

Individual Prizes in Mushaara

Abdul Karim Khalid

Third from Govt. Degree College Jehlum.

Jaleelureman Jamil.

Second Prize from Govt. College, Lyallpur.

Laeeq Ahmad Abid

Third Prize from Muncipal College Shahkot

Third Prize from Islamia College Lyallpur

Individual Prizes in Punjabi Debate

Laeeq Ahmad Abid

First Prize from Govt. College Tala Gung.

Third prize from Muncipal College Gojra.

Consolation prize from Govt College Lyallpur.



AL-MANAR

TALIM-UL-ISLAM COLLEGE, RABWAH,

MAGAZINE

Vol. VII	OCT., 1971 TO JUNE 1972	No. 2

From,

Editor's Desk

Open any newspaper these days and what are the items that make the headlines—politics and its concomitant troubles (war, actual and cold, P.O.W. problems, etc.), labor strikes, students' unrest, accidents (the ones more gory and spectacular than the others), crimes of every description, etc., etc,. rarely any good piece of news. The common factor in all these is of course man, and if he is in so much trouble everywhere, I wonder if we could not bring him some relief. How? In our daily workaday life we come into constant contact with him (unless we are of the hermit type!). Well, I believe that if we could show more tolerance, kindness and understanding to him, it would go a long way into combating all the unhappiness and disillusion, frustration and sourness of this world, or at least of the immediate world around us. Possibly three duties are incumbent upon every man. To be thankful to his creator, to take care of himself, and thirdly to be kind and considerate to others. All the rest is only literature.

★

Life is worth living inspite of, or rather I should say because of, all its troubles and hazards and reverses; it's worth living. There are

two main ways of looking at difficulties and 'headaches'. One is to allow them to dampen our spirit, to give in to despondency and despair, and generally to shirk away from facing the facts. This is the way which leads to the grave. The other is to consider difficulties and setbacks as challenges to our spirit, to our god-given faculties, to our individuality and to face them squarely and bravely. This is the way to success. People who resort to the first solution, if solution it can be called, are only *extising* whereas those who choose the second way are *living*. There is no other way to solving problems apart from looking them straight in the face, and applying our keenest attention to them. And remember difficulties which give us headches are only simple problems which are magnified by the halo of fear we have allowed to grow round them. To take an extreme case - if we are in for a hiding, well let's take it now, rather than think about it through sleepless nights and take it afterwards.

And talking about problems, I remember reading an interview which the famed conqueror of Everest, Sir Edmund Hillary, once gave. To the question as to why he had done that feat, his answer was simple, yet one impregnated with the indomitable spirit of Man, with a capital m. His reply was, "Because it was there." That's all ; it was there and he took it as a personal challenge, and he conquered it. That reminds me of a saying of the Tamil poet Tirouvaluvar, (if I remember right) : "It is a challenge to thee to make thyself what thou knowest thou cans't be."

So that's it. Life is a challenge. Take it up as a man and give in your very best. Nothing is impossible ; wipe that word off your dictionary and that scowl off your face. At worst things might be very hard and very bad, but nothing, or then very few things, are really impossible in this everyday world of ours. After all, a life of unbroken ease would be monotonous like hell and would quickly bore us to death.

Troubles and reverses and difficulties are the spice of life.
Life is worth living. Hurrah for those who pick up the gauntlet !

———★———

